لاہور، اسلام آباد، کراچی، کوئٹہ، پشاور، ملتان، سیالکوٹ، فیصل آباد سمیت دنیا بھر کی خبریں
تعمیری اور مثبت صحافت کا ترجمان
DAILY AWAMI MOHABBAT
روزنامہ
عوامی محبت
قصور، پاکستان
چیف ایڈیٹر: اقبال کھوکھر
سب ایڈیٹر: ڈاکٹر اظہر یونس
ABC CERTIFIED
عوامی محبت گروپ آف پبلیکیشنز
جلد نمبر 20
پیر 29 ربیع الثانی 1448ھ 12 اکتوبر 2026ء، 28 اسوج 2080ب
شمارہ نمبر 110

سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا جواب دینے کا عزم، امریکہ، جرمنی، کینیڈا اور سپین نے اپنے شہریوں کو ریاض، خصوصاً شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کا سفر کرنے سے خبردار کر دیا

ریاض ایئرپورٹ پر حوثیوں کا حملہ، 12 افراد جاں بحق، 309 زخمی

امریکہ حوثیوں کے خلاف سعودی حملوں میں شامل ہونے پر غور کر رہا ہے، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، وزیراعظم کی ریاض پر حوثی حملے کی مذمت: سعودی خودمختاری کے تحفظ کا عزم

ریاض/واشنگٹن/لندن (سٹاف رپورٹر) سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد زخمی ہو گئے، جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافے کا خدشہ ہے، 11 اکتوبر 2026 شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملہ، متعدد ایئرلائنز نے ریاض کیلئے اپنی پروازیں منسوخ کر دیں جبکہ سعودی عرب نے حملہ کو جنگی جرم قرار دیتے ہوئے حملے کا جواب دینے کا عزم (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر1)

اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف وفاقی کابینہ کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حکومت پسے طبقات کیلئے فیئر پرائس شاپس قائم کرے، پبلک ایکشن فورم

بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت امداد کے طریق کار کو تبدیل کیا جائے، چیئرمین آصف سلیم

لاہور (سٹاف رپورٹر) پبلک ایکشن فورم کے چیئرمین آصف سلیم مٹھا نے مطالبہ کیا ہے کہ حکومت مہنگائی سے متاثرہ اور پسے ہوئے طبقات کو ریلیف دینے کے لیے ہر یونین کونسل، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر2)

ریاض ایئرپورٹ پر حملہ، زخمی مدد کیلئے پکار رہے تھے، ہر کوئی بھاگ رہا تھا، عینی شاہد

ریاض (سٹاف رپورٹر) ریاض ایئرپورٹ پر موجود ایک عینی شاہد نے بتایا ہے یا کہ انھوں نے گیٹ نمبر چار کو نشانہ بنتے دیکھا۔ انہوں نے غیرملکی میڈیا کو بتایا کہ زخمی میرے سامنے تھے اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر3)

خیبر پختونخوا میں ہر روز دہشت گردی، فیصلے کا وقت آ گیا، وزیراعظم

خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کی بجائے خاموش تماشائی بن گئی ہے، 10 سال میں خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خاتمے کیلئے 800 ارب روپے دیے گئے

پولیس، سی سی ڈی کی استعداد کار میں اضافے پر کوئی توجہ نہیں دی، دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا وفاق کے ساتھ خیبر پختونخوا حکومت کی بھی ذمہ داری ہے

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے دہشت گردی کے خاتمے کے لیے غیر متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت دہشت گردوں کا مقابلہ کرنے کی بجائے خاموش تماشائی بن گئی ہے، 10 سال میں خیبر پختونخوا حکومت کو دہشت گردی کے خاتمے کیلئے 800 ارب روپے دیے گئے، پولیس، سی سی ڈی کی استعداد کار میں اضافے پر کوئی توجہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر4)

عوام کو دہشتگردی سے نجات دلائیں گے

گورنر فیصل کریم کنڈی

خیبر پختونخوا 11 رکنی ایڈوائزری کمیٹی قائم

کرپشن کے حوالے سے زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر زور دیتے ہوئے گورنر نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی، اجلاس سے خطاب

خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالامال صوبہ ہے اور سیاحت کے شعبے کو فروغ دینے کے لیے کام کیا جائے گا، تمام متعلقہ فریقوں کو مل کر صوبے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے کوششیں کرنا ہوں گی۔

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے کے پی میں انتظامی امور چلانے کے لیے ایڈوائزری کونسل قائم کر دی ساتھ ہی خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر6)

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی کی سربراہی میں 11 رکنی ایڈوائزری کونسل کا پہلا اجلاس ہوا۔ اجلاس میں صوبے کو درپیش چیلنجز، امن و امان کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر5)

یونیسکو میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے پاکستان کا قومی بیان پیش کر دیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان کے وزیراعظم کے مشیر اور یونیسکو میں پاکستان کے نمائندے سید توقیر حسین شاہ نے یونیسکو کے ایگزیکٹو بورڈ کے 225 ویں اجلاس میں پاکستان کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر10)

اسلام آباد کے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت انتظامات

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے حساس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر11)

یہ ایمرجنسی بھی ہے اور گورنر راج بھی لگایا گیا ہے، ماہر قانون اشتر اوصاف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) ماہر قانون اشتر اوصاف نے کہا ہے کہ آئین کا آرٹیکل 232(1) ایمرجنسی سے متعلق ہے اور آرٹیکل 234(1) میں گورنر راج کا ذکر ہے لہذا ان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر12)

کے پی میں گورنر فیصل کریم کنڈی انتظامی سربراہ مقرر: چیف سیکرٹری سمیت 15 اعلیٰ افسران کو ہٹا دیا گیا، ڈاکٹر فخر عالم نئے چیف سیکرٹری نامزد 5 سینئر افسران کی خدمات فوری طور پر خیبر پختونخوا حکومت کے سپرد کر دی گئی ہیں

خیبر پختونخوا، ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ

صدارتی گزٹ نوٹیفکیشن

وفاقی حکومت کا خیبر پختونخوا کے کئی اضلاع میں "ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ" قائم کرنے کا فیصلہ، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان شامل ہیں

خیبر پختونخوا اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، صوبائی وزراء، مشیران، معاونینِ خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے

اسلام آباد: (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے آرٹیکل 232 کے تحت صدر کی طرف سے ایمرجنسی نافذ کرنے کا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔ صدرِ مملکت نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر14)

پشاور/اسلام آباد (سٹاف رپورٹر): خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد وفاقی نمائندے کی حیثیت سے گورنر فیصل کریم کنڈی کو صوبے کا انتظامی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر13)

مچھ میں ٹرک اور وین میں خوفناک تصادم، 7 افراد جاں بحق، 30 سے زائد زخمی

مچھ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان کے علاقے مچھ میں زمیندار ہوٹل کے مقام پر بے قابو ٹرک اور وین کے درمیان تصادم کے نتیجے میں 7 افراد جاں بحق اور 30 سے زائد زخمی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر7)

صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عبادات دعائیہ پروگرام، پنجاب پولیس ہائی الرٹ رہی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب پولیس کے افسران و اہلکاروں نے لاہور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر8)

پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی، افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنا دی گئی

پشین (سٹاف رپورٹر) سکیورٹی فورسز نے پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر9)

شعبہ بشریات اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کے پوسٹ گریجویٹ سکالر محمد مدثر جاوید، وفاقی وزیر مصدق ملک کے ہمراہ مائیگریشن اور پناہ گزینوں سے متعلقہ سیمینار میں شریک ہیں۔

امیر الدین میڈیکل کالج کے طلبہ کی جانب سے جنرل ہسپتال کو ویل چیئرز کا عطیہ

انسانیت کی خدمت اور سماجی بہبود کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہے، پرنسپل پی جی ایم آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر الدین میڈیکل کالج کے طلباء کی فلاحی تنظیم "ہیومینیٹی سٹل ایگزسٹس" نے باہمی کنٹری بیوشن سے لاہور جنرل ہسپتال کے مریضوں کی سہولت کیلئے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر15)

کراچی: امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان پریس کانفرنس کر رہے ہیں۔

دھرنا نو ایشو ہے، کے پی میں دہشتگردی ہمارا ایشو ہے، محسن نقوی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا فیصلہ آسان نہیں تھا، کے پی کے میں صورتحال بہت خراب ہے، کچھ اضلاع میں لوگ شام وقت باہر نہیں نکل سکتے

دہشت گردی سے کسی بھی صورت اکیلے نہیں لڑا جا سکتا، مل کر لڑنا پڑتا ہے، آئین میں واضح ہے یہاں امن و امان کی صورتحال کا معاملہ ہو تو وفاق مداخلت کر سکتا ہے محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطاء اللہ تارڑ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزراء نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کا فیصلہ آسان نہیں تھا، دھرنے کو موخر کرنے والی شرط پیپلز پارٹی کی تھی ہم نے کبھی نہیں کہا دھرنا ختم کریں، آپ شوق سے دھرنا دیں، دھرنے سے ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہمارا ایشو صرف دہشت گردی ہے، کے پی کے میں صورتحال بہت خراب ہے، کچھ اضلاع میں لوگ شام وقت باہر نہیں نکل سکتے، دہشت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر16)

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور جنید اکبر گرفتار

وزیراعلیٰ ہاؤس میں داخلے کی اجازت محدود کر دی گئی، جبکہ وہاں تعینات عملے کی تعداد بھی کم کر دی گئی

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سیاسی صورتحال نے نیا رخ اختیار کر لیا وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر کی گرفتاری کی اطلاع سامنے آ گئی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کے بعد سیاسی صورتحال نے نیا رخ اختیار کر لیا وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر کی گرفتاری کی اطلاع سامنے آ گئی۔ پی ٹی آئی کے صوبائی صدر جنید اکبر نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور اپنی گرفتاری کی تصدیق کی۔ تاہم گرفتاری کی وجوہات اور دونوں رہنماؤں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر17)

لاہور: گورنر سندھ نہال ہاشمی وزیر ہاؤسنگ پنجاب بلال یاسین سے ملاقات کر رہے ہیں۔

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا معاملہ، اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سیکیورٹی ریڈ الرٹ

اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کر دی گئی ہے، ذرائع

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے معاملے پر اڈیالہ جیل اور گردونواح میں سیکیورٹی ریڈ الرٹ کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ جیل کے 6 کلومیٹر کے علاقے میں اضافی پولیس تعینات کر دی گئی ہے، جیل کے گیٹ نمبر 5 کے قریب کنٹینرز کی بڑی تعداد پہنچا دی گئی ہے۔ اڈیالہ جیل کے سامنے واٹر کینن بھی پہنچا دی گئی ہے اور جیل کے اطراف اینٹی رائٹ فورس تعینات کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ پر 8 مقامات پر نئے ناکے قائم کرنے کا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر27)

پی ٹی آئی کی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی مذمت، فیصلہ واپس لینے کا مطالبہ

وفاقی حکومت کا فیصلہ عوامی مینڈیٹ، صوبائی خودمختاری اور آئینی وفاقیت پر حملہ ہے، تحریک انصاف کا اعلامیہ

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہوئے وفاقی حکومت سے فیصلہ فوری واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ پی ٹی آئی کے اعلامیے میں کہا گیا کہ وفاقی حکومت کا فیصلہ عوامی مینڈیٹ، صوبائی خودمختاری اور آئینی وفاقیت پر حملہ ہے، آئینی مذاکرات کے بجائے سیاسی تصادم کا راستہ اختیار کیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات شیخ وقاص اکرم کے مطابق خیبر پختونخوا کے عوام کا جمہوری (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر26)

گورنر راج کے بعد ممکنہ احتجاج، صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ

لاہور (این این آئی) خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد پاکستان تحریک انصاف کے ممکنہ احتجاج کے پیش نظر صوبائی دارالحکومت لاہور سمیت صوبہ بھر میں سکیورٹی ہائی الرٹ رہی۔ پنجاب اسمبلی کے باہر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی جبکہ قیدیوں کو منتقل کرنے والی پولیس وینز بھی کھڑی رہیں۔ حساس مقامات اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر18)

کمسن لڑکیوں کے حقوق کا عالمی دن منایا گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سمیت دنیا بھر میں کمسن لڑکیوں کے حقوق کا عالمی دن منایا گیا۔ اس دن کو منانے کا مقصد بچیوں کے حقوق کا تحفظ، کم عمری کی شادیوں کا مکمل خاتمہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر19)

لاہور: پنجاب فوڈ اتھارٹی کی جانب سے ٹولنٹن مارکیٹ کو سیل کئے جانے کے باعث دکانیں بند پڑی ہیں۔

سٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کیلئے جائیداد دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں

نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کرینگے، دستخط شدہ رسید بھی فراہم کرینگے

50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا

لاہور (این این آئی) اسٹیٹ بینک نے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کی دستاویزات کی شرائط آسان کر دیں۔ نئے ضوابط کے تحت بینک صارفین سے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات حاصل کریں گے اور ان کی دستخط شدہ رسید بھی فراہم کریں گے، 50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس کے لیے جائیداد کے سرکاری ریکارڈ میں بینک کے حق میں لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا۔ اسٹیٹ بنک کے مطابق بینک ہاؤسنگ فنانس (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر20)

مولانا فضل الرحمان کا ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت

مولانا فضل الرحمان کا ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت، قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت، قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے، مسلم ممالک کو جنگ میں دھکیلنے کی سازش کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا۔ اپنے بیان میں مولانا فضل الرحمن نے کہا کہ ریاض ایئرپورٹ پر حملے کی مذمت، بے گناہ شہریوں کی ہلاکت پر دلی رنج و غم ہے۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب پر حملہ پوری امتِ مسلمہ کے لیے لمحہ فکریہ ہے، مسلم ممالک کو جنگ میں دھکیلنے کی سازش (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر21)

پنجاب بھر میں 1374 ٹریفک حادثات میں 26 افراد جاں بحق، 1603 زخمی ہوئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پنجاب بھر میں 1374 ٹریفک حادثات پر ریسپانڈ کیا جن میں 747 افراد شدید (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر22)

کراچی: ایم کیو ایم پاکستان کی جانب سے گلستان جوہر میں نئے صوبوں کے حوالے سے منعقدہ عوامی رابطہ مہم سے ڈاکٹر فاروق ستار خطاب کر رہے ہیں۔

بزنس کمیونٹی کے اجلاس کے موقع پر میاں شاہد حسین کا کور کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

عوامی مینڈیٹ پر شب خون مار کر گورنر راج کا اقدام جمہوریت کے چہرے پر طمانچہ ہے، پی ٹی آئی

غیر آئینی اقدام کیخلاف ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر بھرپور مزاحمت کریں گے، رہنماؤں کا مشترکہ بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنماؤں نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ نے گورنر راج لگا کر جمہوریت کا جنازہ نکال دیا، یہ اقدام غیر آئینی اور غیر جمہوری ہے۔ صباء دیوان، ثاقب سلیم بٹ، یاسر گجر ایڈووکیٹ، عرفان عباسی، مرزا صادق اور دیگر نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کی وفاقی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر25)

فوٹو اور ویڈیو جرنلسٹس کی سیاسی احتجاجی مظاہروں کی کوریج میں حقیقت کی تخلیق پر تحقیق

پنجاب یونیورسٹی میڈیا سکول کی پی ایچ ڈی کی ابتدائی تحقیق میں 15 فوٹو، ویڈیو جرنلسٹس نے فوکس گروپ میں حصہ لیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پنجاب یونیورسٹی سکول آف کمیونیکیشن سٹڈیز نے ایسوسی ایشن فوٹو جرنلسٹس آف لاہور کے تعاون سے شعبہ ابلاغیات میں ایک ریسرچ فوکس گروپ کا انعقاد کیا جس میں فوٹو اور ویڈیو جرنلسٹ کے احتجاجی مظاہروں کے دوران کردار، فریمنگ اور ڈیوٹی کے دوران فیصلوں پر اثر انداز ہونے والے عوامل اور دباؤ پر بات چیت ہوئی۔ سکول کی ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر عابدہ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر24)

درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ لائبہ کی لاش درحقیقت ناکام، بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے، سعد رفیق

یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے، سینئر رہنما پاکستان مسلم لیگ (ن) کا بیان

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ لائبہ کی خودکشی نے ہر ماں اور ہر باپ کا دل چھلنی کر ڈالا ہے، درخت سے جھولتی گولڈ میڈلسٹ ہونہار مگر بے بس بیٹی لائبہ کی لاش درحقیقت معاشرے کے کمزور طبقات کی بے بسی اور مجرموں کو کڑی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر23)

حکومت پنجاب
وزیراعلیٰ پنجاب
محترمہ مریم نواز شریف
کی جانب سے غریب مستحق خاندانوں کے لیے
محترمہ شکیلہ جاوید آرتھر
ایم پی اے
خوشخبری
اجتماعی شادیوں کی رجسٹریشن
دوبارہ شروع ہو گئی ہے
جو 25 اکتوبر 2026ء تک جاری رہے گی
خواہش مند حضرات سوشل ویلفیئر کے دفتر یا
شکیلہ جاوید آرتھر ایم پی اے کے دفتر سیالکوٹ کینٹ
رابطہ کریں
غریب خاندانوں کی خوشیوں میں شامل ہوں
خوشحال پنجاب خوشحال خاندان
منجانب
آصف ناظر
کوآرڈینیٹر شکیلہ جاوید آرتھر ایم پی اے
ریاض بھٹی
پرنسل سیکرٹری
ایم پی اے
03006197886 - 03456749261

سٹی نیوز

آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان کا ٹریڈ یونین نمائندوں کو لیبر قوانین سے آگاہ کرنے کے حوالے سے منعقدہ ورکشاپ کے شرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

ٹریڈ یونین نمائندوں کو لیبر قوانین سے آگاہ کرنے کیلئے تربیتی ورکشاپ

مزدوروں میں قانونی شعور کی بیداری، ٹریڈ یونین نمائندوں کیلئے لیبر قوانین سے آگاہی ضروری ہے: سلطان خان

لاہور (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان لیبر فیڈریشن اور پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن نے انڈسٹری آل گلوبل یونین کے اشتراک سے ٹریڈ یونین نمائندوں کو لیبر قوانین، مزدوروں کے بنیادی حقوق اور قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنے کیلئے ایک تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد مزدور رہنماؤں میں قانونی شعور کو فروغ دینا، کام کی جگہ پر مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ان کی استعداد کار میں اضافہ کرنا اور آجر و اجیر کے درمیان خوشگوار تعلقات کو فروغ دینا تھا۔ ورکشاپ میں آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان، پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے چیئرمین عبدالستار، ممبر نیشنل کمیشن ہیومن رائٹس بلوچستان فرخندہ اورنگزیب، عجب خان، ولید، عبدالغفار جمالی، منظور احمد بلوچ، آصف شاہ، نور شاہ اور عبدالستار جونیئر سمیت مختلف ٹریڈ یونین نمائندوں نے شرکت کی۔ ماسٹر ٹرینر عبدالعلیم خان نے ورکشاپ کے دوران شرکاء کو لیبر قوانین کے بنیادی نکات، ملازمین کے قانونی حقوق، اجرتوں کی ادائیگی، اوقات کار، ہفتہ وار تعطیلات، سالانہ و دیگر چھٹیوں، سوشل سکیورٹی، پنشن، پیشہ ورانہ تحفظ اور کام کی جگہ پر صحت و سلامتی کے اصولوں کے بارے میں تفصیل سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر سلطان محمد خان نے ٹریڈ یونین کے کردار، اجتماعی سودے کاری، مزدوروں کی شکایات کے ازالے اور قانونی طریقہ کار کے ذریعے مسائل کے حل بارے تفصیل سے آگاہی فراہم کی۔ سلطان محمد خان نے ورکشاپ میں شرکاء کو اس بات کی بھی ترغیب دی کہ وہ حاصل کردہ معلومات کو اپنی متعلقہ ٹریڈ یونینز اور کارکنوں تک پہنچائیں تاکہ زیادہ سے زیادہ محنت کش اپنے قانونی حقوق اور ذمہ داریوں سے آگاہ ہوسکیں۔ آل پاکستان لیبر فیڈریشن کے صدر سلطان محمد خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ مزدور کسی بھی صنعتی و معاشی نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ ایک منصفانہ، مستحکم اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد ہے، ٹریڈ یونین نمائندوں کیلئے لیبر قوانین سے مکمل آگاہی ناگزیر ہے تاکہ وہ مزدوروں کے مسائل کو بہتر انداز میں سمجھ سکیں، ان کی موثر نمائندگی کر سکیں اور قانونی دائرہ کار میں رہتے ہوئے ان کے حقوق کے تحفظ کیلئے اپنا کردار ادا کر سکیں۔ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے چیئرمین عبدالستار کا کہنا تھا کہ لیبر قوانین پر موثر عملدرآمد نہ صرف مزدوروں کے استحصال کی روک تھام میں مددگار ثابت ہوتا ہے بلکہ اس سے صنعتی امن، پیداواری صلاحیت اور اداروں کی کارکردگی میں بھی بہتری آتی ہے۔ انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ مزدوروں اور انتظامیہ کے درمیان باہمی احترام، مکالمے اور قانون کی پاسداری کو فروغ دے کر صنعتی تنازعات میں کمی لائی جاسکتی ہے۔

لاہور: جماعت اسلامی کے زیراہتمام مال روڈ پر غزہ مارچ میں ننھے بچے فلسطین کا پرچم تھامے شریک ہیں

8اکتوبر کے تباہ کن زلزلے کو 21 سال ہو گئے

مختلف مقامات پر تقریبات کا انعقاد، شہداء کیلئے فاتحہ خوانی کی جائیگی

لاہور (این این آئی) 8اکتوبر 2005 کو آنے والے تباہ کن زلزلے کو 21 سال ہو گئے۔ 8اکتوبر 2005 میں صبح ساڑھے 8 بجے آنے والے شدید زلزلے سے آزاد کشمیر اور خیبر پختونخواہ کے علاقوں کو بڑا نقصان پہنچا تھا، زلزلے کی شدت 8.1 ریکارڈ کی گئی تھی، اس زلزلے سے 86ہزار سے زائد افراد جاں بحق اور 69ہزار زخمی ہو گئے تھے۔ لاکھوں مکانات مکمل اور جزوی طور پر تباہ ہوئے، سکول، سرکاری و نجی عمارتیں، پل، سڑکیں تباہ ہوئیں۔ اس دن کی مناسبت سے مختلف مقامات پر تقریبات کا انعقاد کیا جائے گا جس میں شہداء کے لئے فاتحہ خوانی اور قدرتی سانحات سے نمٹنے کے لئے موثر اقدامات کے عزم کا اظہار کیا جائے گا۔

لاہور: صوبائی دارالحکومت میں بادلوں نے سورج کو اپنی اوٹ میں چھپا رکھا ہے

خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر

لاہور سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی

لاہور (این این آئی) خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس پر فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہوگیا۔ لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر کے دیگر ایئرپورٹس سے سعودی عرب، بحرین، دبئی اور دیگر ممالک جانے والی درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 21 پروازیں منسوخ جبکہ متعدد پروازیں 3 سے 10 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہیں، پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ملکی و غیر ملکی ایئرلائنز نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ ایئرپورٹ آنے سے قبل اپنی پرواز سے متعلق تازہ معلومات ضرور حاصل کریں۔

سمندری خوراک کی برآمدات میں 74.4فیصد اضافہ

پہلی سہ ماہی میں برآمدات 12 کروڑ 54لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں

لاہور (این این آئی) پاکستان کی مچھلی اور سمندری خوراک کی برآمدات مالی سال 2026-27 کی پہلی سہ ماہی کے دوران سالانہ بنیادوں پر 74.4فیصد اضافے کے ساتھ 12 کروڑ 54لاکھ ڈالر تک پہنچ گئیں۔ وزارت بحری امور کے مطابق گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں برآمدات میں نمایاں اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق مذکورہ مدت کے دوران مچھلی اور سمندری خوراک کی برآمدی حجم بھی 74.8فیصد بڑھ کر 61 ہزار 679 میٹرک ٹن ہوگیا جبکہ گزشتہ سال کی پہلی سہ ماہی میں یہ حجم 35ہزار 294 میٹرک ٹن ریکارڈ کیا گیا تھا۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چودھری نے برآمدات میں اضافے کو سمندری شعبے کی بڑھتی ہوئی معاشی صلاحیت کا عکاس قرار دیتے ہوئے کہا کہ حکومت پاکستان کی بلیو اکانومی کو مزید مستحکم کرنے کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔

انفورسمنٹ اور خوف پر مبنی ٹیکس نظام زیادہ دیر نہیں چل سکتا' ٹیکس ایڈوائزرز

رضا کارانہ ٹیکس ادائیگی کے فروغ کیلئے کامیاب ممالک کے ماڈلز کا مطالعہ کیا جائے' چیئرمین عامر قدیر

لاہور (این این آئی) چیئرمین ریونیو ایڈوائزرز ایسوسی ایشن عامر قدیر نے کہا ہے کہ جس نظام کے تحت اس وقت ٹیکس اکٹھا کیا جارہا ہے یہ زیادہ دیر تک نہیں چل سکتا، موجودہ ٹیکس نظام زیادہ تر انفورسمنٹ اور خوف و ہراس پر مبنی ہے جس کے باعث ٹیکس دہندگان میں اعتماد پیدا نہیں ہو رہا۔ اپنے بیان میں عامر قدیر نے کہا کہ حکومت کو جرمنی، چین اور دیگر ممالک کے ٹیکس نظاموں کا مطالعہ کرکے ایسے اقدامات کرنے چاہئیں جن سے لوگ رضا کارانہ طور پر ٹیکس ادا کرنے پر آمادہ ہوں۔ صرف سختی اور نفاذ کے ذریعے ٹیکس نیٹ کو وسیع کرنا پائیدار حل نہیں ہے۔ ٹیکس نظام میں اصلاحات نافذ کرنے سے پہلے عوام اور کاروباری طبقے کو مناسب وقت دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئے نظام کے حوالے سے ٹیکس دہندگان کی ذہن سازی اور بھرپور آگاہی مہم چلانے کی ضرورت ہے۔ عوام کو بتایا جائے کہ ٹیکس کی ادائیگی قومی معیشت اور ملکی ترقی کیلئے کیوں ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکس دہندگان کے مسائل اور تحفظات دور کرکے ان کا اعتماد بحال کیا جانا چاہیے۔

لاہور: محنت کش کھانے کی اشیا فروخت کرنے کے لیے بیٹھا ہے

نمازوں کے اوقات

نماز فجر	5:00
نماز ظہر	1:45
نماز عصر	5:15
نماز مغرب	غروب آفتاب
نماز عشاء	8:30

شکایت سیل اور سنٹرز

وزیر اعلیٰ شکایات سیل	99204907-08
گورنر ہاؤس	99200087
چیف سیکرٹری مانیٹرنگ سیل	99213100
پولیس شکایات	99202977
واپڈا شکایات سنٹر	111000118
سوئی گیس شکایات سنٹر	99211022-9

کلب اینڈ ہوٹل

پی سی	111-505-505
آواری	111-282-747
کراؤن پلازہ	111-808-111
رائل پام	111-602-602
سن فورٹ	35763813
ہالیڈے ان	36310077
ایمبیسڈر	36316821
لاہور جم خانہ	35756692-2
گریژن کنٹری کلب	36660016
پنجاب کلب	36362138
لاہور پریس کلب	36364792

ایمرجنسی نمبرز

ایدھی کنٹرول	115
پولیس	15
ریلوے پولیس ہیلپ سنٹر	1333
فائر بریگیڈ	16
پی آئی اے انکوائری	114
ریسکیو فورس	1122
ریلوے انکوائری	117
ہیم ڈیسپوزل	99212111
سروسز ہسپتال	99203402-25
میو ہسپتال	99211100-9
جنرل ہسپتال	35810891-5
فاطمید بلڈ بنک	35863950
جناح ہسپتال	11-809809
پنجاب کارڈیالوجی	99203051-6

سروسز ہسپتال میں ناقص صفائی، ڈاکٹرز اور عملہ غائب، ایم ایس کی جواب طلبی

لاہور (این این آئی) سروسز ہسپتال میں صفائی کی ناقص صورتحال، سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ نے ایم ایس سروسز ہسپتال کی جواب طلبی کر لی۔ سپیشل سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ نے سروسز ہسپتال کا دورہ کیا۔ دورے کے دوران سروسز ہسپتال کے آؤٹ ڈور میں عملہ غیر حاضر پایا گیا۔ نوٹس کے مطابق سرجیکل ایمرجنسی میں بھی ڈاکٹرز و عملہ غائب پایا گیا، آؤٹ ڈور میں مریضوں کا رجسٹریشن کاؤنٹر بند پایا گیا، آگ بجھانے کے آلات نان فنکشنل پائے گئے۔ سی ٹی سکین غیر فعال، ڈیوٹی روسٹر اپ ڈیٹ نہیں تھا۔ ایم ایس سروسز ہسپتال کو تمام خامیاں 24 گھنٹے میں دور کرنے کا الٹی میٹ دے دیا۔

سموگ اور فوگ کا خدشہ، بلدیاتی الیکشن اپریل 2027ء میں کرانیکی تجویز

لاہور (این این آئی) پنجاب میں بلدیاتی انتخابات مقررہ وقت پر نہ ہونے کی وجہ سامنے آگئی۔ محکمہ بلدیات پنجاب نے انتخابات دسمبر یا جنوری کے بجائے اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق محکمہ سکول ایجوکیشن نے محکمہ بلدیات کو تجویز دی ہے کہ 15 دسمبر سے یکم جنوری تک پنجاب میں سموگ اور فوگ کے امکانات کے باعث بلدیاتی انتخابات کی تاریخ تبدیل کی جائے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے مقامی حکومتوں کے انتخابات اپریل 2027ء میں کرانے کی تجویز زیر غور ہے، اس حوالے سے محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو کابینہ اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کیخلاف سخت کارروائی، شاہراہوں پر آنے پر پابندی

لاہور (این این آئی) ٹریفک پولیس پنجاب نے دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیتے ہوئے ایسی گاڑیوں کے شاہراہوں پر آنے پر پابندی عائد کردی۔ ٹریفک پولیس پنجاب نے تمام سی ٹی اوز اور ڈی پی اوز کو مراسلہ جاری کردیا۔ مراسلہ ایس ایس پی ہیڈکوارٹرز سید ندیم عباس کی جانب سے جاری کیا گیا۔ ٹریفک پولیس اور ای پی اے کی جانب سے سموگ چھوڑنے والی گاڑیوں کے خلاف جوائنٹ ناکہ بندی کی جائے گی۔ مراسلے میں ہدایت کی گئی ہے کہ دھواں چھوڑنے والی کوئی گاڑی سڑک پر نہ چلنے دی جائے، ٹریفک پولیس، ای پی اے اور محکمہ ٹرانسپورٹ پر مشتمل جوائنٹ چیکنگ ٹیمیں تشکیل دی جائیں۔

اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کرکے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار

لاہور (این این آئی) تھانہ وحدت کالونی کی حدود میں اے ٹی ایم سے چھیڑ خانی کے ذریعے رقم نکلوانے والا 3 رکنی گینگ گرفتار کرلیا گیا۔ انویسٹی گیشن پولیس کے مطابق تینوں ملزمان میٹرک فیل ہیں اور انہیں جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ٹریس کر کے چونیاں سے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان نے ایک سال کے دوران مختلف علاقوں میں 12 سے زائد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے۔ پولیس کے مطابق ملزمان نے اے ٹی ایم مشین میں رقم نکلوانے کے لیے مختلف طریقہ واردات اختیار کر رکھا تھا۔ ایک ملزم اے ٹی ایم میں کارڈ پھنس جانے کا ڈرامہ کرتا، جبکہ باہر کھڑے دو ملزمان انجان بن کر شہریوں سے ضروری معلومات حاصل کرتے تھے۔

حکومت نے ملک کو ہر لحاظ سے تباہ کر کے مسائلستان بنا دیا، مولانا قاری مہراللہ

کرپٹ مافیاز کی تسلط سے ملک میں غربت و معاشی بدحالی ہے

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے صوبائی امیر مولانا قاری مہراللہ نے کہا کہ حکومت نے ملک کو ہر لحاظ سے تباہ کر کے مسائلستان بنا دیا۔ کرپٹ مافیاز کی تسلط سے ملک میں غربت و معاشی بدحالی ہے۔ ملک اس وقت سیاسی، معاشی، اخلاقی لحاظ سے دیوالیہ ہوگیا ہے۔ ملک میں تمام مسائل کے جڑ کرپٹ ٹولہ ہے کرپٹ ٹولہ نے ایک سال میں ملک کو ہر لحاظ سے تباہ کر دیا انہوں نے کہا کہ غلام حکمران نے ملک کی سلامتی اور خود مختاری داؤ پر لگا دیا اور قوم کو یکے بعد دیگرے دلدل کی طرف دھکیلا جا رہا ہے ملک سیاسی بحران کے ساتھ معاشی طور پر دیوالیہ ہو رہا ہے۔ ملک قرضوں کے مزید بوجھ تلے چلا جا رہا ہے اور معیشت کو تباہی کے دہانے پر لا کھڑا کیا انہوں نے کہا کہ قیام امن میں ملک کی تعمیر ترقی کا راز مضمر ہے بدامنی اور نفرتوں کی عفریت اور ردعمل سے ملک میں مسائل کی انبار لگی ہوئی ہے انہوں نے کہا کہ جاگیردارنہ اور سرمایہ دارنہ سیاست نے قوم کو بنیادی حقوق سے محروم رکھ کر عوام کا استحصال کیا گیا غربت، بے روزگاری اور مہنگائی سے نجات کے لیے ملک میں کرپٹ جماعتوں کی سیاست اور کرپٹ ٹولہ کو مسترد کرنا ہوگا ملک اور بیرون ملک اربوں کے اثاثے بنانے والے کو عوام کی فکر نہیں ان کرپٹ کی وجہ سے ملک میں مہنگائی اور بے روزگاری کا طوفان تھمنے کا نام نہیں لے رہا ہے

لاہور: بسنت منانے کی اجازت ملنے کے بعد لائسنس ہولڈر کاریگر گڈے تیار کر رہا ہے

غیر آئینی اقدام ایمرجنسی سے ریاست مزید سنگین بحرانوں میں دھنس جائے گی، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (بیورو رپورٹ) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی امیر مولانا عبدالقادر لونی نے کہا کہ غیر آئینی اقدام ایمرجنسی سے ریاست مزید سنگین بحرانوں میں دھنس جائے گی۔ فارم 47 حکومت نے اقتدار میں آنے کے بعد جمہوریت کے روح سے انحراف کیا۔ موجودہ حکومت اسٹیبلشمنٹ کی سرپرستی کا مرہونِ منت رہا ہے اور جب بھی جمہوریت پر شب خون مارا گیا، ایسے اقدامات جمہوریت پر ایک بدنما داغ ثابت ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ آئین و قانون کو معطل کرنا، ایمرجنسی کا نفاذ جیسے اقدامات سے عوامی حقوق سلب کیا گیا۔ اور اسٹیبلشمنٹ کی مسلط فارم 47 حکومت جمہوریت کی شب خون مارنے پر جشن منا رہے ہیں۔ غیر جمہوری قوتوں کی فیصلے مسلط ہونے پر جشن منانا جمہوریت کو شرما دیا۔ عوام کا جمہوری نظام سے اعتماد اٹھ چکا ہے۔ مسلم لیگ نے ہمیشہ انتقامی سیاست کی آڑ میں آئین کی دھجیاں اڑا کر غیر جمہوری قوتوں کو راستہ دیا ہے۔ بلکہ میثاق جمہوریت کو دفن کرنے کی سوچی سمجھی سازش ہے غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدامات تاریخ کے ہر دور میں کسی بھی ملک کو پائیدار ترقی اور استحکام دینے کے بجائے مزید سنگین بحرانوں اور دلدل میں دھکیلنے کا باعث بنتے ہیں۔ غیر جمہوری رویوں نے ملک کو دولخت کر دیا۔

آر ایل این جی کی عدم دستیابی کے باعث بجلی کی پیداوار میں کمی، لیسکو میں رات کے اوقات میں دو گھنٹے عارضی لوڈ مینجمنٹ

لاہور (بیورو رپورٹ) چیف ایگزیکٹو آفیسر لیسکو انجینئر محمد رمضان بٹ کی ہدایات پر صارفین کو بجلی کی فراہمی مستحکم رکھنے کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ بین الاقوامی سطح پر سپلائی میں خلل اور ایل این جی کارگوز کی تاخیر کے باعث بعض پاور پلانٹس کو آر ایل این جی کی فراہمی متاثر ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں بجلی کی پیداوار میں کمی اور طلب و رسد کے درمیان فرق کا سامنا ہے۔ اس صورتحال کے پیش نظر لیسکو میں شام اور رات کے اوقات میں تقریباً دو گھنٹے عارضی لوڈ مینجمنٹ کی جا رہی ہے، تاہم دن کے اوقات میں لوڈ مینجمنٹ نہیں کی جا رہی۔ لیسکو انتظامیہ کے مطابق آر ایل این جی کی فراہمی معمول پر آنے سے بجلی کی پیداوار میں بہتری متوقع ہے، جس سے شارٹ فال میں کمی اور عارضی لوڈ مینجمنٹ کے خاتمے میں مدد ملے گی۔ بجلی کی دستیابی کے مطابق نظام کو مستحکم رکھنے کے لیے ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ زیادہ لائن لاسز والے فیڈرز پر مقررہ پالیسی کے تحت کیٹیگری وائز اکنامک لوڈ مینجمنٹ بھی کی جاتی ہے تاکہ بجلی کے نقصانات کو کم کیا جاسکے۔ لیسکو انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ مقامی فالٹس اور تکنیکی خرابیوں کے باعث ہونے والی بجلی کی بندش کا تعلق عارضی لوڈ مینجمنٹ سے نہیں۔ صارفین کی شکایات کے فوری ازالے کے لیے فیلڈ ٹیمیں متحرک ہیں۔

تنخواہ دار طبقے نے 3ماہ میں 144ارب انکم ٹیکس ادا کیا

تنخواہ دار طبقے کی انکم ٹیکس ادائیگی میں 10.2 فیصد اضافہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) تنخواہ دار طبقے نے رواں مالی سال کے ابتدائی 3ماہ میں 144ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 13.4ارب روپے زیادہ ہے۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق تنخواہ دار طبقے کی انکم ٹیکس ادائیگی میں 10.2 فیصد اضافہ ہوا جبکہ اس کے مقابلے میں ہول سیلرز اور ریٹیلرز نے مجموعی طور پر 18.4ارب روپے ٹیکس ادا کیا۔ ذرائع کے مطابق ہول سیلرز کی ٹیکس ادائیگی 10 فیصد کمی کے بعد 6.2ارب روپے رہی، جبکہ ریٹیلرز نے 11.3ارب روپے انکم ٹیکس ادا کیا، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 8.3فیصد زیادہ ہے۔ رئیل اسٹیٹ سیکٹر سے انکم ٹیکس وصولی 38فیصد کمی کے بعد 35.2 ارب روپے رہی، جو گزشتہ سال کے مقابلے میں 22 ارب روپے کم ہے، حکومت کی جانب سے رئیل اسٹیٹ سیکٹر کے ایڈوانس انکم ٹیکس میں 50فیصد کمی کی گئی تھی۔ ایف بی آر ذرائع کے مطابق جائیداد کی فروخت پر ٹیکس کی شرح 5.5فیصد سے کم کرکے 2.75فیصد جبکہ خریداری پر ٹیکس کی شرح 2.5فیصد سے کم کر کے 1.25فیصد کر دی گئی۔ جائیداد کی فروخت پر ایڈوانس ٹیکس وصولی 42فیصد کمی کے بعد 23ارب روپے جبکہ خریداری پر انکم ٹیکس وصولی 31فیصد کمی کے بعد 12.2ارب روپے رہی۔

لاہور: مقامی پارک میں بچے پینٹنگ بنا رہے ہیں

غیر ملکی خریداروں کی پاکستانی ہاتھ سے بنے قالینوں میں گہری دلچسپی، برآمدی سودے طے

مینوفیکچررز، برآمد کنندگان سے ون ٹو ون ملاقاتیں، معیار، ڈیزائن اور جدید رجحانات پر تبادلہ خیال

کراچی/لاہور (این این آئی) مختلف ممالک سے آئے ہوئے غیر ملکی خریداروں نے ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان اور پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے اشتراک سے جاری 42ویں عالمی نمائش میں پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں میں غیر معمولی دلچسپی کا اظہار کیا جبکہ اس موقع پر برآمدی سودے بھی طے پائے۔ امریکہ، جرمنی، ترکیہ، چین، روس، سویڈن، انڈونیشیاء سمیت مختلف ممالک سے آئے خریداروں نے نمائش میں لگائے گئے اسٹالز کا دورہ کیا اور پاکستانی قالینوں کے اعلیٰ معیار، منفرد ڈیزائن اور دستکاری کو سراہا۔ غیر ملکی خریداروں نے پاکستانی مینوفیکچررز اور برآمد کنندگان سے ون ٹو ون ملاقاتیں کیں جن میں کاروباری روابط کو مزید وسعت دینے، نئی منڈیوں تک رسائی، مستقبل میں مشترکہ کاروباری مواقع اور عالمی مارکیٹ کے بدلتے رجحانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر چیئرمین ایگزیبیشن محمد ریاض اور سینئر وائس چیئرمین خواجہ میر مدثر نے غیر ملکی خریداروں کو پاکستانی ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت، مصنوعات کے معیار، ڈیزائنز، پیداواری صلاحیت اور عالمی منڈی میں پاکستانی قالینوں کی اہمیت کے حوالے سے بریفنگ دی۔

لاہور: محنت کش ریڑھی پر پھل فروخت کر رہا ہے

چیف جسٹس کے اقدامات سے پولیس نے 2 سال سے لاپتہ لڑکی کو بازیاب کرا لیا

کبھی سوچا ہے ان والدین پر کیا گزرتی ہوگی جن کی بچیاں غائب ہیں' چیف جسٹس کا آئی جی سوال

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کے اقدامات کے نتیجے میں دو سال سے لاپتہ 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا کے عدالت میں پیش کر دیا گیا۔ لاپتہ لڑکی کی بازیابی سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالتی حکم پر آئی جی پنجاب عبدالکریم عدالت میں پیش ہوئے۔ پولیس نے دو سال سے لاپتہ 16 سالہ لڑکی کو بازیاب کرا کے عدالت کے روبرو پیش کیا۔ چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے لڑکی کی شناخت کی تصدیق کی اور اسے چہرہ دکھانے کی ہدایت کی۔ چیف جسٹس نے آئی جی پنجاب سے استفسار کیا کہ کیا عدالت کے پاس موجود تصویر میں دکھائی دینے والی لڑکی یہی ہے؟۔

پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کا خطرہ

لاہور (این این آئی) ملک میں پانی کی کمی کے باعث گندم کی پیداوار متاثر ہونے کے خطرات منڈلانے لگے۔ ملک میں ربیع سیزن میں قلتِ آب 25فیصد سے زائد ہونے کا خدشہ ہے، پانی لینے میں حصے دار صوبوں میں پانی کی کمی بھی بانٹی جائے گی۔ ربیع کی فصلوں کیلئے درکار پانی 3.8 کروڑ ایکڑ فٹ ہے تاہم دستیاب 2.2 کروڑ ایکڑ فٹ ہے، صورتحال پر غور کیلئے رواں ہفتے میں ہی انڈس ریور سسٹم اتھارٹی کا اہم اجلاس بھی متوقع ہے۔ ماہرین کے مطابق بڑے ذخائر کی تعمیر میں تاخیر، بارشوں میں مسلسل کمی اور بھارتی آبی جارحیت بڑھتے آبی بحران کی بڑی وجوہات ہیں۔

کم عمر سگی بہنوں سے فحش حرکات، خاتون کو تشدد کا نشانہ بنانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا

لاہور (این این آئی) شاد باغ اور مصری شاہ پولیس نے خاتون پر تشدد اور کم عمر سگی بہنوں سے فحش حرکات کرنے والے ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ شاد باغ پولیس کے مطابق ملزم ساحل نے ساتھیوں کے ہمراہ گلی میں کھڑی خاتون کو تشدد کا نشانہ بنایا جس سے خاتون کے چہرے پر شدید چوٹیں آئیں اور خون بہنے لگا۔ اطلاع ملنے پر پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کرلیا۔ مصری شاہ پولیس نے کارروائی کے دوران ڈیڑھ اور پانچ سالہ بچیوں سے فحش حرکات کرنے والے اوباش ملزم احمد محمود کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے گلی میں موجود بچیوں سے چھیڑ چھاڑ کی۔

اب رشوت لینے اور دینے والا دونوں ڈریں گے' ڈی جی اینٹی کرپشن

لاہور (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے کہا ہے کہ اب رشوت لینے اور دینے والا دونوں ڈریں گے۔ لاہور ہائیکورٹ میں پیشی کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز آئی جی جیل خانہ جات نے سپرنٹنڈنٹ کو گرفتار کرایا وہ اس اقدام کو سراہتے ہیں۔ ڈی جی اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ نے کہا کہ انویسٹی گیشن میں تفتیشی افسران کو فنڈ نہ ملنے کا معاملہ سامنے آیا ہے، اس کی میرٹ پر انکوائری کی جائے گی۔

20 کروڑ روپے کی لاگت سے لاہور میں لائبریری آن ویل پروگرام کا آغاز

لاہور (این این آئی) لاہور میں 20 کروڑ روپے کی لاگت سے لائبریری آن ویل پروگرام شروع کر دیا گیا، جس کے لیے 55 الیکٹرک رکشے خریدے گئے ہیں۔ پروگرام کے تحت لاہور کی 5 تحصیلوں میں 11، 11 لائبریری آن ویل آؤٹ آف اسکول بچوں تک پہنچ کر انہیں تعلیم فراہم کریں گی۔ لائبریری آن ویل کا چارجنگ سنٹر پائلٹ اسکول میں بنایا جائے گا، جہاں چارجنگ کے بعد روزانہ لائبریری آن ویل مختلف تحصیلوں میں جائیں گی۔

سموگ کیخلاف سیف سٹیز اتھارٹی کا جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کریک ڈاؤن تیز

لاہور (این این آئی) سموگ اور فضائی آلودگی کے تدارک کے لیے سیف سٹیز اتھارٹی نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے کریک ڈاؤن مزید تیز کر دیا، گزشتہ 4 روز کے دوران سموگ کا باعث بننے والی 2ہزار سے زائد ماحولیاتی خلاف ورزیوں پر کارروائیاں کی گئیں۔ ترجمان سیف سٹیز کے مطابق دھواں چھوڑنے والی 1085 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی، جن میں سے 858 کو جرمانے جبکہ 227 کو وارننگز جاری کی گئیں۔ لاہور میں دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں اور دیگر ماحولیاتی خلاف ورزیوں پر 370 ای چالان بھی جاری کیے گئے۔ بغیر ترپال تعمیراتی سامان لے جانے والی 797 گاڑیوں کی نشاندہی کی گئی

نرسنگ طلبہ کو بڑا ریلیف، پہلے سمسٹر میں ڈیٹین طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان کی اجازت

لاہور (این این آئی) یونیورسٹی آف ہیلتھ سائنسز نے نرسنگ طلبہ کے لیے بڑا تعلیمی ریلیف دیتے ہوئے پہلے سمسٹر میں ڈیٹین ہونے والے طلبہ کو مارچ 2027ء میں ری سٹ امتحان دینے کی اجازت دے دی۔ فیصلہ یو ایچ ایس کے بورڈ آف اسٹڈیز نرسنگ کے 44ویں اجلاس میں کیا گیا، جس کی صدارت وائس چانسلر یو ایچ ایس میجر جنرل (ر) پروفیسر سہیل صابر نے کی اجلاس میں بی ایس نرسنگ خزاں 2024ء کے پہلے سمسٹر میں ڈیٹین ہونے والے طلبہ کے معاملے پر غور کیا گیا جبکہ 2026 کے سالانہ امتحانات کے کیلنڈر کی بھی منظوری دی گئی۔

لاہور میں گراں فروشی کے خلاف کریک ڈاؤن، 230 چالان، 5 گرفتاریاں

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور کی ہدایت پر گراں فروشی کے خلاف شہر بھر میں کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق اشیائے ضروریہ کی مقررہ سرکاری قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کے لیے 23ہزار 656 مارکیٹ انسپکشنز کی گئیں۔ انتظامیہ کے مطابق گراں فروشی کے مرتکب 3ہزار 242 مقامات پر کارروائی کرتے ہوئے 50ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنرز کی سربراہی میں 7ہزار 925 انسپکشنز کے دوران 230 چالان اور 5 گرفتاریاں عمل میں لائی گئیں۔ پنجاب انفورسمنٹ اینڈ ریگولیٹری اتھارٹی (پیرا) کی جانب سے 15ہزار 735 انسپکشنز مکمل کی گئیں۔

دریاؤں اور آبی ذخیروں میں پانی کی صورتحال

لاہور (این این آئی) تربیلا، منگلا اور چشمہ کے آبی ذخائر میں پانی کی آمد و اخراج، ان کی سطح اور بیراجوں میں پانی کے بہاؤ کی صورتحال حسب ذیل رہی۔ دریائے سندھ میں تربیلا کے مقام پر آمد 50 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 60 ہزار کیوسک، دریائے کابل میں نوشہرہ کے مقام پر آمد 13 ہزار 800 کیوسک اور اخراج 13 ہزار 800 کیوسک، خیرآباد پل آمد 54 ہزار 500 کیوسک اور اخراج 54 ہزار 500 کیوسک، جہلم میں منگلا کے مقام پر آمد 7 ہزار 300 کیوسک اور اخراج 37 ہزار کیوسک، چناب میں مرالہ کے مقام پر آمد 17 ہزار 200 کیوسک اور اخراج 6 ہزار 700 کیوسک رہا۔

پاکستان میں تعینات جاپانی سفیر اکاماٹسو شوئچی کی وفاقی وزیر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ، پی ای ایف کی سی ای او سیدہ ہاجرہ سہیل، فرسٹ سیکرٹری، سربراہ ثقافت اور پبلک انفارمیشن سیکشن تاکاکو ساتو، ڈپٹی ہیڈ آف پبلک افیئر زیواوکاموتو کا ملاقات کے موقع پر فوٹو

جاپانی سفیر اکاماٹسو شوئچی کی ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی، فیروز شاہ سے ملاقات

تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، سرمایہ کاری، سائبر سکیورٹی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کے مشیر سید فیروز شاہ سے پاکستان میں تعینات جاپانی سفیر اکاماٹسو شوئچی نے ملاقات کی۔ اس موقع پر وفاقی وزارت تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت کے تحت کام کرنے والے ادارے پاکستان ایجوکیشن انڈومنٹ فنڈ کی چیف ایگزیکٹو آفیسر سیدہ ہاجرہ سہیل، جاپان سفارتخانے کی فرسٹ سیکرٹری، سربراہ ثقافت اور پبلک انفارمیشن سیکشن تاکاکو ساتو اور ڈپٹی ہیڈ آف پبلک افیئرز یواوکاموتو بھی موجود تھیں۔ ملاقات کے دوران تعلیم، پیشہ ورانہ تربیت، سرمایہ کاری اور پاکستان و جاپان کے دوطرفہ تعلقات کے فروغ، پاکستان اور جاپان کے درمیان انسانی وسائل کے تبادلے کا فروغ، ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن میں جاپان کے تجربات سے استفادہ کرنے، تجارت، موسمیاتی تبدیلی، توانائی اور عوام کے مابین تعلقات کے شعبوں میں تعاون کو بڑھانے کی بھرپور صلاحیت پر روشنی ڈالی گئی جبکہ پاکستانی نوجوانوں کو ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنے، مصنوعی ذہانت (اے آئی)، سائبر سکیورٹی، کلاؤڈ کمپیوٹنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی (آئی ٹی) اور دیگر جدید ٹیکنالوجی میں عالمی معیار کی تربیت فراہم کرنے، جاپان میں تعلیم اور روزگار کے مواقع سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ پاکستان جنوبی ایشیا اور اس سے باہر علاقائی استحکام کو فروغ دینے، جامع مکالمے اور تعاون پر مبنی حل کے لئے جاپان کے تعمیری کردار اور مستقل حمایت کو بہت زیادہ قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ پاکستان میں تعینات جاپان کے سفیر اکاماٹسو شوچی نے ایک مستحکم، خوشحال اور مضبوط مستقبل کو فروغ دینے کے لئے جاپان کی پاکستان کے ساتھ مل کر کام کرنے کی مضبوط دلچسپی پر زور دیا۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ کا کہنا تھا کہ پاکستان اور جاپان کے درمیان دیرینہ تعلقات ہیں جاپان پاکستان کا کلیدی ترقیاتی پارٹنر رہا ہے، پاکستان اور جاپان میں تعاون کے دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کی ضرورت ہے

لاہور: جماعت اسلامی کے زیراہتمام مال روڈ پر غزہ مارچ میں شریک بچے نعرے لگا رہے ہیں

ایف بی آر نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کرلیا

اٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کردی گئیں

لاہور (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ٹیکس نظام مزید سخت اور ڈیجیٹل کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ اٹیگریشن پر ٹیکس کریڈٹ، ریٹرنز کی خودکار جانچ اور اے ٹی ایل کیلئے نئی شرائط تجویز کردی گئیں۔ مجوزہ ترامیم پر اعتراضات اور تجاویز مقررہ مدت میں ایف بی آر کو جمع کروائی جاسکیں گی۔ ایف بی آر نے ٹیکس نظام میں بڑے پیمانے پر نئی ترامیم کا مسودہ جاری کر دیا۔ کاروبار کو ایف بی آر کے کمپیوٹرائزڈ نظام سے اٹیگریٹ کرنے پر ٹیکس کریڈٹ دینے کی تجویز ہے۔ مجوزہ رول-33 یو کے تحت ٹیکس کریڈٹ کیلئے الیکٹرانک نظام اسی ٹیکس سال میں خریدنا، نصب کرنا اور ایف بی آر سسٹم سے کامیابی سے اٹیگریٹ کرنا ہوگا۔

ضلعی انتظامیہ جھنگ کے زیراہتمام پہلی جھنگ ڈیزرٹ ریلی 2026 اور تین روزہ ثقافتی فیسٹیول کا انعقاد

لاہور (بیورو رپورٹ) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق صوبے میں سیاحت کے فروغ، مقامی ثقافت کے تحفظ اور علاقائی روایات کو اجاگر کرنے کے لیے ضلعی انتظامیہ جھنگ کے زیراہتمام پہلی جھنگ ڈیزرٹ ریلی 2026 اور تین روزہ ثقافتی فیسٹیول کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر جھنگ بابر صاحب دین نے لاہور میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ یہ تین روزہ ایونٹ 16، 17 اور 18 اکتوبر کو تحصیل اٹھارہ ہزاری کے تھل ڈیزرٹ، رحمت آباد میں منعقد ہوگا۔ ریلی میں 95 کلومیٹر طویل ٹریک پر جیپ ریس کا انعقاد کیا جائے گا، جس میں خواتین جیپ ڈرائیورز سمیت ملک بھر سے تقریباً 100 بہترین ڈرائیورز اور رائیڈرز شرکت کریں گے۔ پریس کانفرنس میں ممبر صوبائی اسمبلی کرنل (ر) غضنفر عباس قریشی، سابق ممبر صوبائی اسمبلی فیصل حیات جبوآنہ، امیر عباس سیال، مکرم وحید شیخ اور صاحبزادہ سلطان محمد علی بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین نے کہا کہ جھنگ ڈیزرٹ ریلی کے انعقاد کا بنیادی مقصد ضلع جھنگ کی منفرد شناخت، صحرائی خوبصورتی، ثقافت، روایات اور سیاحتی مقامات کو ملکی و بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنا ہے۔ اس ایونٹ سے علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور مقامی معیشت کو بھی تقویت حاصل ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ تھل کے وسیع صحرائی علاقے میں 95 کلومیٹر طویل ٹریک پر جیپ ڈرائیونگ اور ایڈونچر کے شوقین افراد کو ایک منفرد تجربہ حاصل ہوگا۔ ریلی کے ساتھ منعقد ہونے والے تین روزہ ثقافتی فیسٹیول میں نیزہ بازی، کبڈی، والی بال، پیراگلائیڈنگ اور دیگر رنگا رنگ ثقافتی و تفریحی سرگرمیوں کا بھی اہتمام کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید بتایا کہ فیسٹیول میں شرکت کے لیے آنے والے شہریوں اور سیاحوں کی سہولت کے لیے فوڈ کورٹس اور رہائشی کیمپس بھی قائم کیے جائیں گے، تاکہ شرکاء کو بہتر سہولیات فراہم کی جا سکیں اور وہ اس ایونٹ سے بھرپور لطف اندوز ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع جھنگ کا وسیع صحرائی خطہ، تقریباً 6ہزار مربع کلومیٹر پر محیط تھل کا علاقہ، دریائے چناب اور دریائے جہلم کا سنگم اور قدیم تہذیبی و ثقافتی ورثہ اس ضلع کو ایک منفرد مقام عطا کرتے ہیں۔ جھنگ ڈیزرٹ ریلی ان قدرتی اور ثقافتی خصوصیات کو اجاگر کرنے اور ضلع کو ایک نمایاں سیاحتی مقام کے طور پر متعارف کرانے کی جانب اہم قدم ہے۔ ڈپٹی کمشنر بابر صاحب دین اور تمام اسٹیک ہولڈرز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ جھنگ سیاحت کے فروغ، مقامی ثقافت کے تحفظ اور ضلع میں مثبت تفریحی سرگرمیوں کے انعقاد کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھے گی۔

بینکاری نظام میں مسابقت نہ بڑھی تو معیشت کو مطلوبہ رفتار نہیں ملے گی' مدثر مسعود

نجی شعبے کیلئے قرضوں کیساتھ ایکویٹی، غیر بینکاری مالیاتی ذرائع کو فروغ دیا جائے

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے مالیاتی نظام میں بینکوں کے بڑھتے ہوئے غلبے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معیشت کی پائیدار ترقی کیلئے مالیاتی شعبے میں حقیقی مسابقت ناگزیر ہے، بینکوں پر ضرورت سے زیادہ انحصار کے باعث کاروباری طبقے خصوصاً چھوٹے اور درمیانے درجے کے اداروں کیلئے متبادل مالیاتی ذرائع محدود ہیں، حکومت اور متعلقہ اداروں کو مالیاتی شعبے میں نئے اور غیر بینکاری اداروں کے قیام کی حوصلہ افزائی کرنی چاہیے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سرمایہ کاری کے فروغ کیلئے بانڈ مارکیٹ، ایکویٹی مارکیٹ اور دیگر مالیاتی ذرائع کو فعال بنانا ہوگا۔ انہوں نے تجویز دی کہ سرکاری سکیورٹیز میں سرمایہ کاری کیلئے عام شہریوں، پنشن فنڈز اور دیگر سرمایہ کاروں کو براہ راست اور آسان رسائی دی جائے۔ بینکوں کے ساتھ ساتھ غیر بینکاری مالیاتی اداروں، کریڈٹ یونینز اور دیگر متبادل اداروں کیلئے بھی سازگار ماحول پیدا کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ صرف قرض کی فراہمی میں اضافے سے معاشی سرگرمیوں کو مطلوبہ فروغ نہیں مل سکتا بلکہ کاروبار کیلئے خطرہ برداشت کرنے والا سرمایہ بھی ضروری ہے۔ انہوں نے اسٹیٹ بینک اور ایس ای سی پی سے مطالبہ کیا کہ مالیاتی شعبے میں مسابقت بڑھانے کیلئے ضابطہ کاری کا ازسرنو جائزہ لیا جائے۔

لاہور: انار کلی بازار میں شہری سٹال سے جوتے خرید رہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 1

ظاہر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر یمنی حوثیوں کے حملے میں 12 افراد جاں بحق اور 300 سے زائد افراد زخمی ہوگئے جنہیں طبی امداد کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا ہے جن میں بعض کی حالت نازک ہے جس کے باعث جاں بحق افراد کی تعداد میں اضافہ کا خدشہ ہے۔ غیر ملکی میڈیا نے ریاض کے ایک ہسپتال ذریعے کے حوالے سے بتایا تھا کہ زخمیوں میں سے پانچ کی حالت تشویش ناک ہے اور انھیں انتہائی نگہداشت کے یونٹ میں رکھا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق زخمیوں میں سے اکثریت سعودی شہریوں کی ہے جبکہ بعض زخمیوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے طبی مراکز منتقل کیا گیا۔ عرب میڈیا کے مطابق سعودی سول ایوی ایشن اتھارٹی نے بتایا کہ جاں بحق ہونے والوں میں چار سعودی، بنگلہ دیش کے دو شہری، اور امریکہ، اردن، فلسطین، شام، سوڈان اور مصر کا ایک، ایک شہری شامل ہے۔ سعودی سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق حملے سے ہونے والے نقصان کا جائزہ مکمل ہونے اور متعلقہ اداروں کے تعاون سے تنصیبات کی حفاظت کی تصدیق ہونے تک ایئرپورٹ کی آپریشنل سرگرمیاں عارضی طور پر معطل کردی گئی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ اس حوالے سے مزید تفصیلات بعد میں جاری کی جائیں گی۔ سعودی قیادت میں قائم فوجی اتحاد نے حملے کا جواب دینے کا عزم ظاہر کرتے ہوئے حملے کا الزام حوثیوں پر عائد کیا اور اسے جنگی جرم قرار دیا ہے۔ دریں اثناء سعودی عرب میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں نے اپنے شہریوں کو خبردار کیا ہے کہ وہ ہوائی اڈے کا رخ کرنے سے گریز کریں۔ ایوی ایشن ٹریکر فلائٹ ریڈار کے مطابق، ریاض جانے والی تمام پروازوں کا رخ موڑ دیا گیا ہے یا انھیں منسوخ کردیا گیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق سعودی عرب کے دار الحکومت ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کے بعد متعدد ایئر لائنز نے ریاض کیلئے اپنی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔ کویت ایئرویز نے اعلان کیا کہ اس نے ریاض آنے اور جانے والی اپنی دو پروازیں ایئرپورٹ کی بندش اور سکیورٹی صورتحال کے باعث منسوخ کردی ہیں۔ اتحاد ایئرویز نے بھی ابوظہبی اور ریاض کے درمیان اپنی متعدد پروازیں 12 اکتوبر تک منسوخ کردی ہیں جس کی وجہ ریاض کے شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی بندش بتائی گئی ہے۔ ایئر انڈیا نے بھی ریاض کے لیے اپنی پروازوں کی معطلی میں 15 اکتوبر تک توسیع کر دی ہے، اسی طرح فلائی دبئی، ترکش ایئر لائنز، لفتھانزا اور پاکستان انٹرنیشنل ایئر لائنز نے بھی آئندہ چند روز کے لیے ریاض جانے والی اپنی پروازیں معطل کردی ہیں ادھر یورپی یونین ایوی ایشن سیفٹی ایجنسی نے سعودی فضائی حدود سے متعلق اپنی ہدایات میں توسیع کرتے ہوئے کہا کہ اس کی وجہ حوثیوں کی سعودی عرب کے اندر مزید اندر تک اہداف کو نشانہ بنانے اور ملک کے ہوابازی کے بنیادی ڈھانچے پر زیادہ توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت ہے۔ جرمنی، کینیڈا اور سپین نے اپنے شہریوں کو ریاض، خصوصا شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ، کا سفر کرنے سے خبردار کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

خصوصا بڑے بازاروں میں فیئر پرائس شاپس قائم کرے جہاں اشیائے ضروریہ کم قیمتوں پر دستیاب ہوں، بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت دی جانے والی امداد کے طریق کار کو یکسر تبدیل کرنے کی ضرورت ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ فیئر پرائس شاپس پر آٹا، چینی، گھی، دالیں، چاول اور دیگر ضروری اشیاء رعایتی نرخوں پر فراہم کی جائیں اور قیمتوں کی کڑی نگرانی بھی کی جائے۔ انہوں نے تجویز دی کہ مستحق خاندانوں کی نشاندہی کے لیے شفاف نظام بنایا جائے تا کہ سبسڈی حقیقی ضرورت مندوں تک پہنچ سکے۔ حکومت ذخیرہ اندوزی اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی مؤثر اقدامات کرے۔ آصف سلیم مٹھانے کہا کہ عوام کو ریلیف فراہم کرنا محض عارضی اقدام نہیں بلکہ معاشی تحفظ اور سماجی بہتری کے لیے ضروری ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکومت مہنگائی کے دباؤ میں گھرے خاندانوں کو ریلیف دینے کے لیے فوری اور قابل عمل پالیسی مرتب کرے۔ آصف سلیم مٹھانے کہا کہ بینظیر انکم سپورٹ پروگرام کی مد میں مختص ہونے والے اربوں روپے چھوٹے پیمانے پر روزگار کی فراہمی کے منصوبوں کیلئے استعمال میں لائے جائیں جس سے غربت کی لکیر سے نیچے زندگی بسر کرنے والے قومی دھارے میں شامل ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 3

ہر کوئی بھاگ رہا تھا۔ برطانوی میڈیا نے ایک عینی شاہد کے حوالے سے بتایا کہ ایک درجن سے زائد ایمبولینسیں ہوائی اڈے کی جانب تیزی سے جاتی دیکھی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 4

نہیں دی، دہشت گردوں کا مقابلہ کرنا وفاق کے ساتھ خیبر پختونخوا حکومت کی بھی ذمہ داری ہے، صوبائی حکومت کی عدم توجہ کی وجہ سے دہشت گردی کے واقعات میں اضافہ ہوا، دہشت گردی پر خاموشی ملک دشمنی کے مترادف ہے، پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت نے معاملات بات چیت سے حل کرنے کو ترجیح دی، حکومتی ٹیم نے معاملہ فہمی کے لیے خلوص نیت سے کوشش کی، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا مذاکرات میں طے پانے والے مسودے سے پیچھے ہٹ گئے، دہشت گردی کے واقعات کو پس پشت ڈالتے ہوئے اسلام آباد پر چڑھائی کا ناپاک منصوبہ بنایا گیا، ملک کو دوبارہ تباہی کی طرف نہیں لے جانے دیں گے، قانون اپنا راستہ اپنائے گا، افغانستان اغیار کے ہاتھوں میں کھیل رہا ہے، افغان سرزمین کا پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال ہرگز قبول نہیں، پاکستان کو نقصان پہنچانے کی ہر کوشش کو ناکام بنائیں گے، آئی ایم ایف کے ساتھ سٹاف لیول معاہدہ طے پا چکا ہے، چیلنجز پر قابو پانے کے لیے دن رات کوشاں ہیں، سعودی عرب پر ہونے والے حملوں کے شدید مذمت کرتے ہیں، سعودی عرب کے ساتھ دو طرفہ اور سہ فریقی دفاعی معاہدہ ہے، حرمین شریفین کے تقدس اور تحفظ کے لیے پوری مسلم امہ متحد ہے، سعودی عرب کے خلاف کسی جارحیت کو برداشت نہیں کریں گے۔ اتوار کو یہاں وفاقی کابینہ کے اہم اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے وفاقی کابینہ کے ارکان کو بتایا کہ آئی ایم ایف سے سٹاف لیول معاہدہ ہو چکا ہے امید ہے اسی سال 2.1 ارب ڈالر کی قسط مل جائے گی ، نیویارک میں آئی ایم ایف کی مینجنگ ڈائریکٹر نے ملاقات میں پاکستان کی معاشی کامیابیوں اور ٹیم ورک کو سراہا اور پاکستان کو ایک بدلا ہوا پاکستان قرار دیا، ہم سب نے مل کر سیاسی اور فوجی قیادت نے مل کے دن رات کام کیا ہے اور ملک میں مالیاتی نظم و نسق جس کی بڑے عرصے سے ضرورت تھی کے ساتھ ساتھ ڈھانچہ جاتی اصلاحات کی گئی ہیں، یہ ایک لمبا سفر ہے تاہم اگر دن رات محنت کریں گے تو اپنی منزل پر پہنچ جائیں گے۔ انہوں نے لندن سٹاک ایکسچینج کے دورے اور غیر ملکی کاروباری شخصیات اور کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ اپنی ملاقاتوں کا بھی ذکر کیا جنہوں نے پاکستان میں ہونے والی اقتصادی اصلاحات کو بھرپور انداز میں سراہا اور اس امید کا اظہار کیا کہ اگر اس طرح یہ سفر جاری رہا تو پاکستان غیر ملکی سرمایہ کاری کیلئے ایک پرکشش ملک بن جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ عالمی برادری میں سفارتی کاوشوں کو عزت کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے جس غیر ملکی شخصیت سے بھی میری ملاقات ہوئی ہے اس نے پاکستان کی کاوشوں کی تعریف کی کہ امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی میں پاکستان کا اہم کردار رہا ہے لیکن بدقسمتی سے مشرق وسطی میں معاملات پھر خراب ہوئے ، ہرمز سے باب المندب میں حالات اور خراب ہو گئے، عالمی امن کیلئے ابھی بھی پاکستان اپنا کردار پوری محنت سے اور خلوص سے ادا کر رہا ہے، سفارتی کاوشوں میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کا بنیادی کردار ہے، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وزیر داخلہ محسن نقوی اور پوری ٹیم کی کاوشیں قابل ستائش ہیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ انہوں نے وفاقی حکومت کی طرف سے بنائے گئے ٹیکنالوجی پارک کا افتتاح کیا اوراس کا نام دانش ٹیکنالوجی پارک رکھا گیا ہے، پچھلی حکومت کے زمانے میں اس کا آغاز کیا گیا، کوریا کی حکومت نے اس کے لیے آسان شرائط پر قرضہ دیا لیکن اس کا جو حشر کیا گیا اغیار بھی اس طرح کا تصور نہیں کر سکتے اور یہ بربادی کی داستان بن گیا لیکن ہمارے وزرا اور افسران نے ایک ٹیم کی طرح کام کر کے اس منصوبے کو پایہ تکمیل تک پہنچایا، الحمدللہ اب یہ مکمل ہو چکا ہے، اسی طرح کے منصوبے کراچی لاہور کوئٹہ پشاور اور دیگر شہروں میں بھی بنائیں گے جہاں ہزاروں نہیں لاکھوں، کروڑوں نوجوانوں کے لئے سٹارٹ اپس کے ساتھ ساتھ ایس ایم ایز کو پھلنے پھولنے کا موقع ملے گا، انکوبیشن سینٹرز بنیں گے اور جدت کو فروغ ملے گا اور غیر ملکی کمپنیاں آئیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ سعودی عرب چین کی طرح پاکستان کا انتہائی برادر اور با اعتماد دوست ملک ہے، مختلف اوقات میں سعودی شاہی خاندان اور سعودی حکومت اور عوام نے پاکستان کی ہمیشہ مدد کی، ایران بھی پاکستان کا برادر اور ہمسایہ ملک ہے، موجودہ حکومت کے دور میں دونوں ممالک کے تعلقات مضبوط ہوئے ہیں، ہمارا ایک ہی مقصد ہے کہ خطے میں امن قائم ہو، ہرمز کے بعد اب باب المندب میں جو خونی کھیل کھیلا جا رہا ہے وہ انتہائی افسوسناک ہے، سعودی عرب کیساتھ ہمارے 80 سال نہیں سینکڑوں سالوں پر محیط اخوت اور ایمان کے رشتے ہیں، دفاع کے حوالے سے ہمارا دوطرفہ اور سہ فریقی معاہدہ ہے، حوثی جو کچھ کر رہے ہیں ان کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے، سعودی عرب کے خلاف جارحیت کا کوئی جواز نہیں، چند ہفتے پہلے مکہ مکرمہ کے اوپر ڈرون کو کامیابی سے ناکام بنایا گیا، پوری امت مسلمہ حرمین شریفین کے تقدس اور تحفظ کے لیے متحد ہے، پاکستان مکمل طور پر سعودی عرب کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتا ہے ہر طریقے سے اپنے سعودی بھائیوں اور بہنوں کے ساتھ کھڑا ہے

بقیہ بقیہ جات 5

صورتحال، عوام کے تحفظ، کرپشن کے خاتمے اور سیاحت کے فروغ پر توجہ دینے کے عزم کا اظہار کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اجلاس کے شرکا کو خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ ایڈوائزری کونسل کا یہ پہلا اجلاس ہے، جبکہ صوبے کو متعدد چیلنجز کا سامنا کرنا پڑے گا، انہوں نے کونسل کے ارکان پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں محنت، لگن اور دلجوئی سے ادا کریں اور صوبے کی بہتری کے لیے مؤثر تجاویز پیش کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ امن وامان کا قیام اور عوام کا تحفظ اولین ترجیح ہے، خیبر پختونخوا کے عوام کو دہشت گردی سے نجات دلانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، جبکہ پولیس اور کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) کی استعداد کار میں بھی اضافہ کیا جائے گا۔ فیصل کریم کنڈی نے کرپشن کے حوالے سے زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر زور دیتے ہوئے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کو اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوں گی، ارکان پر عوام نے اعتماد کیا ہے، اس لیے انہیں اپنی کارکردگی سے اس اعتماد پر پورا اترنا چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا قدرتی وسائل سے مالا مال صوبہ ہے اور سیاحت کے شعبے کو فروغ دینے کے لیے کام کیا جائے گا، تمام متعلقہ فریقوں کو مل کر صوبے میں امن، استحکام اور خوشحالی کے لیے کوششیں کرنا ہوں گی۔ گورنر خیبر پختونخوا نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ایڈوائزری کونسل باہمی تعاون اور مؤثر تجاویز کے ذریعے صوبے کو درپیش مسائل کے حل اور عوام کی بہتری کے لیے اپنا کردار ادا کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 6

قائم کرنے کا حکم بھی دے دیا اس حوالے سے وفاقی حکومت نے حکم نامہ نمبر 1/2026 جاری کر دیا جو کہ 11 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ آئینی اعلان کی روشنی میں جاری کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد وفاقی حکومت نے اہم اقدام کیا ہے، وفاقی حکم نامے کے تحت گورنر خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت کے امور انجام دیں گے، گورنر اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشاورتی کونسل کی معاونت حاصل کریں گے، خیبر پختونخوا کے لیے 11 رکنی مشاورتی کونسل تشکیل دے دی گئی۔ کونسل میں طارق محمود پاشا، ڈاکٹر عامر عبداللہ اور لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر مشاورتی کونسل کے ارکان مقرر کیے گئے ہیں۔ ثمر بلور، ڈاکٹر سرفراز علی، عامر جاوید اور ڈاکٹر ایم ارشاد بھی مشاورتی کونسل میں شامل ہیں، کفایت اللہ، طیب قریشی، عثمان سیف اللہ خان اور آصف رفیق مشاورتی کونسل کے دیگر ارکان ہیں۔ ثنا اللہ ایڈووکیٹ خیبر پختونخوا کے ایڈووکیٹ جنرل مقرر کر دیے گئے، صوبائی حکومت کے امور آئینی دفعات اور خیبر پختونخوا گورنمنٹ رولز آف بزنس 1985 کے مطابق، وفاقی حکمنامے سے ہم آہنگ انداز میں انجام دیے جائیں گے اور وفاقی حکومت کا جاری کردہ حکم نامہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں امن وامان، شہریوں کے تحفظ، بہتر طرز حکمرانی اور ترقی کے لیے ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ (ADS) کے فوری قیام کا حکم دے دیا وفاقی حکم نامے کے تحت ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ ایریا ریپریزنٹیٹو و ڈیولپمنٹ کونسل (ARDC) کی نگرانی میں کام کرے گا، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر اور جنوبی وزیرستان لوئر نامزد اضلاع میں شامل ہیں۔ ایریا ریپریزنٹیٹو و ڈیولپمنٹ کونسل (ARDC) نامزد اضلاع کی معزز شخصیات پر مشتمل ہوگی اور اس کی سربراہی چیئرمین کریں گے۔ ARDC کے چیئرمین، وائس چیئرمین، ترجمان اور ارکان کی تقرری مقررہ طریقہ کار اور مدت کے مطابق کی جائے گی۔ ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ کی سربراہی ایڈیشنل چیف سیکریٹری خیبر پختونخوا (نامزد اضلاع) کریں گے، جوان اضلاع کے ایڈمنسٹریٹر بھی ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 7

ہوگئے۔ پولیس حکام کے مطابق حادثہ ٹرک کے بریک فیل ہونے کے باعث پیش آیا، جس کے نتیجے میں دونوں گاڑیاں کھائی میں جاگریں۔ حادثے کے بعد علاقے میں امدادی کارروائیاں شروع کردی گئیں۔ حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کو اسپتال منتقل کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے، جبکہ زخمیوں کو کوئٹہ کے اسپتال منتقل کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں۔ پولیس حکام نے کہا کہ حادثے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 8

رسمیت صوبہ بھر کے گرجا گھروں میں مسیحی عبادات دعائیہ پروگرام کے دوران ہائی الرٹ رہتے ہوئے سکیورٹی ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے۔ قبل ازیں انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم نے آر پی اوز، ڈی پی اوز اور سینئر پولیس افسران کو گرجا گھروں کی سکیورٹی بڑھانے کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے کہا کہ سپروائزری افسران گرجا گھروں، اہم اور حساس مقامات کے سکیورٹی انتظامات خود چیک کریں۔ حساس گرجا گھروں پر پولیس کی اضافی نفری اور سنائپرز تعینات کیے جائیں جبکہ ڈولفن سکواڈ، پی آر یو اور ایلیٹ فورس کی ٹیمیں گرجا گھروں کے گرد مشترکہ پٹرولنگ کو یقینی بنائیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ تعینات پولیس افسران اور جوان انتہائی الرٹ رہیں اور شرپسند عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ گرجا گھروں، مسیحی آبادیوں اور حساس مقامات کے گرد سرچ اینڈ سویپ آپریشنز بھی جاری رکھے جائیں۔ عبدالکریم نے کہا کہ علمائے کرام، مسیحی کمیونٹی اور امن کمیٹیوں کے ارکان بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دیں

بقیہ بقیہ جات 9

کرتے ہوئے افغانستان سے گولا بارود لانے کی کوشش ناکام بنادی۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق ایف سی بلوچستان اور سکیورٹی فورسز کی جانب سے آپریشن ردالفتنہ کے تحت مشترکہ کارروائی کی۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ پشین میں انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی میں افغانستان سے گولا بارود لانیکی کوشش ناکام بنادی گئی، سرانان میں سکیورٹی فورسز نے گودام پر چھاپہ مار کر اسلحہ وگولہ بارود سے بھری گاڑی پکڑی لی، گاڑی سے 3 آر پی جی، 4 لائٹ مشین گنز، مشین گن، دستی بم، راکٹس اور گولہ بارود برآمد ہوئے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق سرانان میں دہشتگرد عناصر کی ممکنہ موجودگی کے پیش نظر سرچ آپریشن شروع کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

قومی بیان پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کثیر الجہتی نظام بین الاقوامی تعاون اور مکالمے و باہمی افہام و تفہیم کے ذریعے امن کے فروغ کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ اپنے بیان میں سید توقیر حسین شاہ نے کثیر الجہتی اداروں، ساتھ۔ساتھ (ترقی پذیر ممالک کے مابین) تعاون اور عالمی چیلنجوں خاص طور پر ترقی پذیر ممالک کو درپیش مسائل سے نمٹنے کے لیے مشترکہ کوششوں کی حمایت پر زور دیا۔ انہوں نے تنازعات اور بحرانوں بالخصوص غزہ کی صورتحال کے دوران انسانی جانوں، تعلیمی اداروں اور ثقافتی ورثے کے تحفظ کی فوری ضرورت کو اجاگر کیا۔ اسکول نہ جانے والے بچوں کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے ایک بین الاقوامی لائحہ عمل کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا۔ سائنسی علم تک منصفانہ رسائی، بین الاقوامی سائنسی تعاون اور تکنیکی عدم مساوات کو کم کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا جبکہ نسل پرستی، خواتین سے نفرت، اسلاموفوبیا، غلط معلومات اور نفرت انگیز بیانیے کے خلاف اقدامات کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا گیا اور ساتھ ہی مصنوعی ذہانت اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے ذمہ دارانہ اور اخلاقی انتظام کی حوصلہ افزائی کی گئی اور عالمی سطح پر یونیسکو کی افادیت اور اثر کو بڑھانے کے لیے اس کے ادارہ جاتی اصلاحات کی حمایت کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 11

علاقے ریڈ زون میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کے تحت چھ ہزار اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے جبکہ کسی بھی قسم کے احتجاج پر پابندی عائد ہے۔ حکام کے مطابق شہر بھر میں اسلام آباد پولیس، سندھ پولیس، ایف سی سمیت چھ ہزار اہلکار تعینات کیے گئے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

دونوں کا اطلاق کیا گیا ہے۔ برطانوی نشریاتی ادارے سے گفتگو کرتے ہوئے اشتر اوصاف نے کہا کہ اگر کسی صوبے میں سکیورٹی کے خدشات ہوں تو وفاق کے پاس ایمرجنسی لگانے کا اختیار ہے اور ساتھ ہی آرٹیکل 234(1) کے ذریعے صوبے کا نظم ونسق گورنر کو سونپ دیا گیا ہے۔ اشتر اوصاف نے کہا کہ 2009 میں پنجاب میں گورنر راج لگا تھا اور سلمان تاثیر صوبے کے چیف ایگزیکٹو بن گئے تھے۔ ان کے بقول اس وقت صرف آرٹیکل 234(1) کا اطلاق کیا گیا تھا، ان کے بقول اس وقت پنجاب میں ایک طرح سے آئینی بحران تھا اور سکیورٹی کا کوئی ایشو نہیں تھا۔

بقیہ بقیہ جات 13

سربراہ مقرر کر دیا گیا ہے، جو صوبے کے تمام حکومتی و انتظامی امور کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ انتظامیہ کا چارج سنبھالتے ہی صوبائی بیوروکریسی میں بڑے پیمانے پر تبدیلیاں کرتے ہوئے چیف سیکرٹری شہاب علی سمیت 15 اعلیٰ افسران کو ان کے عہدوں سے ہٹا دیا گیا ہے۔ ادھر وفاقی حکومت نے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس (PAS) کے 5 سینئر افسران کی خدمات فوری طور پر خیبر پختونخوا حکومت کے سپرد کردی ہیں۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 22 کے سینئر افسر ڈاکٹر فخر عالم عرفان کو خیبر پختونخوا کا نیا چیف سیکرٹری تعینات کر دیا گیا ہے۔ صوبے میں تعینات کیے جانے والے دیگر اعلیٰ افسران میں محمد یحییٰ اخونزادہ (گریڈ 20)، خواجہ محمد سکندر ذیشان (گریڈ 19)، اقبال حسین (گریڈ 19)، میجر (ر) اورنگزیب بدینی (گریڈ 18) شامل ہیں یہ اہم انتظامی اقدامات اور تبدیلیاں صوبے میں امن وامان کی بحالی، سکیورٹی صورتحال میں سدھار اور نظم ونسق کو مؤثر انداز میں چلانے کے لیے کی گئی ہیں۔ اسلام آباد (صباح نیوز) وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کے چیدہ چیدہ اضلاع میں امن وامان کے قیام، عوام کے تحفظ، بہتر گورننس اور ترقیاتی عمل کو تیز کرنے کے لیے ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ※ (ADS) فوری طور پر قائم کرنے کا حکم جاری کر دیا ہے۔ وفاقی حکمنامے کے مطابق ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ ایریا ریپریزنٹیٹو و ڈیولپمنٹ کونسل کی نگرانی میں کام کرے گا، اے آر ڈی سی نامزد اضلاع کی معزز شخصیات پر مشتمل ہوگی جس کی سربراہی چیئرمین کریں گے، چیئرمین، وائس چیئرمین، ترجمان اور ارکان کی تقرری مقررہ طریقہ کار اور مدت کے مطابق کی جائے گی۔ نامزد اضلاع میں ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت، بنوں، باجوڑ، مہمند، خیبر، کرم، اورکزئی، شمالی وزیرستان، جنوبی وزیرستان اپر اور جنوبی وزیرستان لوئر شامل ہیں۔ ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا (نامزد اضلاع) ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ کی سربراہی کریں گے اور یہی اہلکار ان اضلاع کے ایڈمنسٹریٹر بھی ہوں گے۔ نامزد اضلاع میں تعینات صوبائی حکومت کے افسران اور دیگر اداروں کے اہلکار ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ کے انتظامی اور آپریشنل کنٹرول میں ہوں گے، مزید تعیناتیوں اور تبادلوں کا حکم ایڈمنسٹریٹر کی سفارش پر وزیراعظم وقتاً فوقتاً دے سکیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 14

کرنے کا اعلان کر دیا، صدر مملکت آصف علی زرداری نے آئین کے آرٹیکل 232(1) اور 234(1) کے تحت خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی نافذ کر دی۔ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کا صدارتی فرمان جاری، فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، صوبے میں دہشت گردی کے واقعات اور پرتشدد کارروائیوں میں غیر معمولی اضافے کے پیش نظر ایمرجنسی نافذ کی گئی۔ صدارتی فرمان میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا میں دہشت گرد حملوں سے عوام کی جان و مال کو سنگین خطرات لاحق ہیں، دہشت گردوں کی جانب سے بنیادی ڈھانچے، سرکاری تنصیبات اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے کے واقعات میں اضافہ ہوا، فرمان کے مطابق صوبائی حکومت دہشت گردی اور لاقانونیت کے خطرات سے مؤثر طور پر نمٹنے میں ناکام رہی، گورنر خیبر پختونخوا کی رپورٹ میں صوبے میں آئینی نظام کی ناکامی کی نشاندہی کی گئی۔ حکم نامے کے مطابق خیبر پختونخوا کی موجودہ صورتحال صوبائی حکومت کے کنٹرول سے باہر ہو چکی ہے، صوبے کی صورتحال نہ صرف خیبر پختونخوا بلکہ پاکستان کی مجموعی سلامتی کے لیے بھی خطرہ قرار وفاقی حکومت گورنر خیبر پختونخوا کو صوبائی حکومت کے تمام یا بعض اختیارات سنبھالنے کی ہدایت دے سکے گی، گورنر خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کی جانب سے تفویض کردہ اختیارات اور فرائض انجام دے سکیں گے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے اختیارات پارلیمان یا اس کے اختیار کردہ ادارے کے ذریعے استعمال کیے جائیں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا، صوبائی وزراء، مشیران، معاونین خصوصی اور ایڈووکیٹ جنرل فوری طور پر اپنے عہدے چھوڑ دیں گے

بقیہ بقیہ جات 15

15 ویل چیئرز عطیہ کر دیں۔ اس سلسلے میں منعقدہ تقریب کے دوران پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم نے طلبہ کے فلاحی جذبے کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انسانیت کی خدمت اور سماجی بہبود کسی بھی معاشرے کی بنیاد ہے انہوں نے مزید کہا کہ میڈیکل کالجز میں فلاحی سوسائٹیوں کا متحرک کردار نہ صرف طلبہ میں دکھی انسانیت کا درد پیدا کرتا ہے بلکہ ان میں ایک بااخلاق اور پراعتماد معالج بننے کی روح بھی پھونکتا ہے انہوں نے طلبہ کی اس کاوش کو سراہتے ہوئے سوسائٹی کی معاونت کے لیے 25 ہزار روپے عطیہ دینے کا اعلان بھی کیا تا کہ سٹوڈنٹس فلاحی سرگرمیاں احسن طریقے سے جاری رکھیں پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین ، ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ پیتھالوجی پروفیسر ڈاکٹر نازش ثقلین سمیت سوسائٹی کے ممبران ڈاکٹر دانش، ڈاکٹر سمیع ملک، ڈاکٹر ایمن اور ڈاکٹر خولہ و دیگر ڈاکٹرز بھی اس موقع پر موجود تھے۔ پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر جودت سلیم کا کہنا تھا زمانہ طالب علمی سے دکھی انسانیت کی خدمت کا جذبہ رکھنے والے مستقبل کے ڈاکٹر اپنے پیشے کو اعلیٰ انداز میں پروان چڑھا سکتے ہیں اور ان کا یہی احساس اصل شفا کا جوہر بنتا ہے دکھی انسانیت کی خدمت طبی پیشے کی اولین ترجیح ہونی چاہیے اور نوجوان ڈاکٹرز کا یہ قدم اسی جذبے کا عملی مظاہرہ ہے، جس سے مستقبل کے ان معالجین کو اپنے مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ ایم ایس پروفیسر ڈاکٹر فریاد حسین اور ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ پیتھالوجی پروفیسر ڈاکٹر نازش ثقلین نے کہا کہ ان ویل چیئرز سے مریضوں کی نقل وحرکت میں مزید سہولت ملے گی جبکہ سوسائٹی کے عہدیداروں نے مستقبل میں بھی اس طرح کے فلاحی اقدامات جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا، جس سے ہسپتال کے نظام میں مزید بہتری آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 16

گردی سے کسی بھی صورت اکیلے نہیں لڑا جا سکتا، مل کر لڑنا پڑتا ہے، آئین میں واضح ہے یہاں امن وامان کی صورتحال کا معاملہ ہو تو وفاق مداخلت کر سکتا ہے، وزیراعظم کے مشورے پر صدر نے ایمرجنسی کا نفاذ کا اعلان کیا ہے، صوبائی حکومت کو غیر فعال کر دیا گیا ہے، گورنر کو آئین کے تحت اپنے اختیارات استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے، گیارہ رکنی ایڈوائزری کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، بارہ اضلاع میں ایک سیکرٹریٹ قائم کیا ہے، وہاں سے ڈائریکٹ وفاق کو رپورٹ کیا جائے گا، آرٹیکل 245 کے تحت فوج تعینات کردی گئی ہے۔ ان خیالات کا اظہار، وفاقی وزراء محسن نقوی، اعظم نذیر تارڑ، عطاء اللہ تارڑ اور رہنما (ن) لیگ ثمر ہارون بلور کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایمرجنسی اور گورنر راج کے حوالے سے کہا کہ یہ آسان دن نہیں تھا، ایک ماہ سے مسلسل کوشش کرتے رہے کہ کے پی حکومت کو آن بورڈ کرسکیں، بیک گراؤنڈ میں خود کے پی حکومت سے رابطے میں تھا، لانگ مارچ کیلئے جو باتیں کیں وہ ہو رہی تھیں ملاقاتیں اور دیگر معاملات چل رہے تھے، وزیراعظم نے نیویارک کے لیے 17 ستمبر کو نکلنا تھا، یہ طے ہوا کہ وہ جانے سے قبل اپوزیشن سے ملیں گے، ایک کمیٹی بنانے کا فیصلہ ہوا، پندرہ یا سولہ اکتوبر کو ملاقات ہونی تھی، مگر کوئی جواب نہ ملا، پھر بھی رابطہ رہا صدر اور وزیراعظم کی ملاقات ہوئی میں نے کہا کہ آپ کے پی حکومت کو آن بورڈ کر لیں اگلے دن چار دفعہ ڈرافٹ تبدیل ہوا، جب چیزیں فائنل ہوئی تو پتہ چلا کہ نیا ڈرافٹ آگیا۔

بقیہ بقیہ جات 17

کو کہاں منتقل کیا گیا، اس حوالے سے مزید تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں ایمرجنسی اور گورنر راج نافذ ہونے کے بعد وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے ملاقاتوں پر پابندی عائد کردی گئی تھی۔ وزیراعلیٰ ہاؤس میں داخلے کی اجازت محدود کردی گئی، جبکہ وہاں تعینات عملے کی تعداد بھی کم کردی گئی۔ دوسری جانب انتظامی امور میں اہم تبدیلی کرتے ہوئے سینئر بیوروکریٹ ڈاکٹر فخر عالم کو خیبر پختونخوا کا چیف سیکرٹری مقرر کر دیا گیا۔ واضح رہے کہ وفاقی کابینہ کی منظوری کے بعد صدر مملکت آصف علی زرداری نے وزیراعظم کی ایڈوائس پر خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ سے متعلق سمری پر دستخط کیے۔ اس اقدام کے لیے آئین پاکستان کے آرٹیکلز 232 اور 234 کا حوالہ دیا گیا، جبکہ صوبے میں سلامتی کی صورتحال کو اس فیصلے کی بنیاد قرار دیا گیا۔ گورنر راج کے نفاذ اور پی ٹی آئی کی اہم صوبائی قیادت کی گرفتاری کی اطلاعات کے بعد خیبر پختونخوا کی سیاسی صورتحال مزید اہم ہوگئی ہے

بقیہ بقیہ جات 18

اہم سرکاری عمارتوں کے اطراف سکیورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے۔ مختلف شاہراہوں اور اہم مقامات پر پولیس اہلکار تعینات رہے تاکہ کسی بھی ممکنہ احتجاج یا ناخوشگوار واقعے سے بروقت نمٹا جا سکے۔ پولیس کی جانب سے مختلف علاقوں میں گشت بھی جاری رہا۔ سکیورٹی اہلکاروں کو چوکس رہنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنے کی ہدایت کی گئی۔ ممکنہ احتجاج کے پیش نظر اہم مقامات پر پولیس کی اضافی نفری تعینات رکھی گئی۔ پولیس کے اعلیٰ افسران کی جانب سے سکیورٹی انتظامات کی نگرانی جاری رہی۔

بقیہ بقیہ جات 19

اورانہیں بااختیار بنانے کیلئے آواز بلند کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

کے لیے مقررہ فہرست کے مطابق ملکیتی دستاویزات لیں گے، جائیداد کی دستاویزات وصول کرنے پر صارف کو دستخط شدہ رسید دینا لازمی قرار دیا گیا ہے، رسید میں موصول ہونے والی تمام ملکیتی دستاویزات کی فہرست درج ہوگی، گھر، اپارٹمنٹ یا پلاٹ قرض دینے والے ادارے کے حق میں رہن رکھنا ہوگا، 50 لاکھ روپے تک کے ہاؤسنگ فنانس پر لین درج کر کے بھی قرض دیا جا سکے گا۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق قابل تجدید توانائی کے قرض کے لیے ضمانت کے بغیر فنانسنگ کی اجازت ہوگی، سولر سمیت نصب شدہ آلات رہن رکھ کر بھی مالی معاونت حاصل کی جاسکے گی، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر بھی ہاؤسنگ فنانس مل سکے گا، پنجاب کے گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ یا دیگر صوبوں کے مساوی سرٹیفکیٹ قابل قبول ہوگا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ ملکیت، قبضے اور حق ملکیت کی تصدیق کرے گا، گرین پراپرٹی سرٹیفکیٹ پر اضافی تاریخی یا علیحدہ ملکیتی دستاویزات ضروری نہیں، بینکوں اور ترقیاتی مالیاتی اداروں کو نئے ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کا سنجیدگی سے جائزہ لینا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ دشمنوں کے ان ناپاک عزائم کا مقابلہ باہمی اتحاد و اتفاق سے ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم ممالک باہمی اختلافات بھلا کر امت مسلمہ کے تحفظ کے لیے متحد ہوں۔ انہوں نے کہا کہ جے یو آئی دکھ کی اس گھڑی میں سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ سعودی عوام اور متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بے گناہ شہریوں کو نشانہ بنانا انسانیت اور امن کے اصولوں کے منافی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 22

زخمی ہوگئے جنہیں فوری طور پر نزدیکی ضلعی و تحصیل کے ہسپتالوں میں منتقل کیا گیا۔ 856 معمولی زخمی لوگوں کو ریسکیو میڈیکل ٹیموں کے جائے حادثہ پر بروقت طبی امداد فراہم کرنے کی وجہ سے ہسپتالوں پر بوجھ بھی کم ہوا۔ ان حادثات میں زیادہ تر تعداد (81 فیصد) موٹر سائیکلز حادثات کی ہے اس لیے وقت کی ضرورت ہے کہ روڈ ٹریفک حادثات کی بڑھتی ہوئی شرح کو کم کرنے کے لیے ٹریفک قوانین پر سختی سے عمل کرتے ہوئے لائن اور لین کے نظم و ضبط کا خیال رکھیں۔ ایمرجنسی اعداد و شمار کے مطابق ریسکیو 1122 کے صوبائی مانیٹرنگ سیل کو موصول ہونے والی ایمرجنسی کالز کے مطابق ان ٹریفک حادثات میں 926 ڈرائیورز، 75 کم عمر ڈرائیور، 535 مسافر اور 168 پیدل چلنے والے افراد متاثر ہوئے۔ اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ 265 ٹریفک حادثات کی فون کالز لاہور کنٹرول روم میں موصول ہوئیں جس میں صوبائی دارالحکومت 353 متاثرین کے ساتھ پہلے، ملتان 71 حادثات میں 78 متاثرین کے ساتھ دوسرے گوجرانوالہ 56 حادثات میں 61 متاثرین کے ساتھ تیسرے نمبر پر رہا۔ واضح رہے کہ ان ٹریفک حادثات کے کل 1629 متاثرین میں 1298 مرد اور 331 خواتین شامل ہیں جبکہ زخمی ہونیوالوں میں 357 افراد کی اوسط عمر 18 سال سے کم 833 افراد کی اوسط عمر 18 سے 40 سال کے درمیان جبکہ 439 زخمی افراد کی اوسط عمر 40 سال سے زائد ہے۔ ان ٹریفک حادثات کے بیشتر واقعات 1486 موٹر سائیکلز، 88 آٹو رکشے، 119 کاریں، 33 وین، 09 مسافر بسیں، 3747 ٹرک اور 72 دوسری اقسام کی گاڑیاں شامل ہیں

بقیہ بقیہ جات 23

سزا سے بچانے والے ناکام اور بوسیدہ نظام عدل کی لاش ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ یہ دراصل ہماری اجتماعی بے حسی، سنگدلی اور ناانصافی کی لاش ہے، مروجہ قوانین اور سزا کے پیچیدہ عمل کے باعث معصوم لائبہ کی موت کا ذمہ دار مجرم چند برس بعد پھر آزاد ہوگا، خون ناحق کا بدلہ خون ہی ہوسکتا ہے، ہر موڑ پر قوم کی بیٹی لائبہ لٹ رہی ہے لیکن اس لوٹ مار کو روکنے والا کوئی نہیں، اقتدار و اختیار کے ارتکاز کی دہائیوں سے جاری جنگ و جدل سے فرصت اگر ملے تو کوئی ان بے بس فریادیوں کو انصاف دلانے کا نظام وضع کرے ۔

بقیہ بقیہ جات 24

اشرف، ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر شبیر سرور، ریسرچ اسکالر جویریہ شفیق، صحافی محسن نسیم اور صحافی احسن کامرے موجود تھے جبکہ فوکس گروپ پینل میں شامل تھے: 1. پرویز الطاف، روزنامہ مساوات کے سینئر فوٹو جرنلسٹ (چیئرمین اے پی ایل) 2. وسیم نیاز، سینئر فوٹو جرنلسٹ ایکسپریس نیوز، کنسلٹنٹ ڈاکیومینٹری فوٹوگرافر یونیسیف پاکستان (صدر اے پی ایل)، 3. صداقت مغل، سینئر فوٹو جرنلسٹ روزنامہ جنگ، (نائب صدر اے پی ایل) 4. عمران شیخ، سینئر فوٹو جرنلسٹ نئی بات (جنرل سیکرٹری اے پی ایل، جوائنٹ سیکرٹری لاہور پریس کلب 5. عمر فاروق، سینئر فوٹو جرنلسٹ ڈیلی نیوز (سیکرٹری اطلاعات اے پی ایل) 6. شہباز ملک، سینئر فوٹو جرنلسٹ ڈیلی ایکسپریس (فنانس سیکرٹری اے پی ایل) 7. سہیل عباس، سینئر ویڈیو جرنلسٹ اے ایف پی 8. ذیشان یوسف، سینئر ویڈیو جرنلسٹ، سماٹی وی 9. خرم فیاض، سینئر ویڈیو جرنلسٹ، سماٹی وی 10. سہیل نیاز، سینئر فوٹو جرنلسٹ 92 نیوز ممبر ایگزیکٹو کونسل اے پی ایل اور پانچ دیگر فوٹو جرنلسٹ تھے۔ فوکس گروپ کا انعقاد پاکستان میں احتجاجی مظاہروں کو کور کرنے کے پیشہ ورانہ چیلنجوں کو جانچنے کے لیے کیا گیا تھا۔ شرکاء نے اس بات پر تبادلہ خیال کیا کہ صحافی پیشہ ورانہ معروضیت، ذاتی نقطہ نظر، ادارتی پالیسیوں، اور تنظیمی مطالبات اور پریشر گروپس میں توازن رکھتے ہوئے کس طرح لمحات کا انتخاب کرتے ہیں، تصاویر کو فریم کرتے ہیں اور واقعات کو ریکارڈ کرتے ہیں۔ انہوں نے احتجاج کی بصری نمائندگی پر کیمرے کے زاویوں، لینز کے انتخاب، کیپشنز، نیوز روم کی ترجیحات اور تجارتی اداروں کے اثرات کو اجاگر کیا۔ بحث میں سیاسی طور پر حساس ماحول میں غیر جانبداری کو برقرار رکھنے کے چیلنجوں کا بھی جائزہ لیا گیا، بشمول ذاتی تحفظ کے بارے میں خدشات، مظاہرین اور حکام کا دباؤ، اور بصری صحافیوں کی اخلاقی ذمہ داریاں۔ شرکاء نے اس بات پر غور کیا کہ آیا کیمرہ کی موجودگی مظاہرین کے رویے پر اثر انداز ہوتی ہے اور ادارتی فیصلے کسی احتجاج کے کے بچ کو تشکیل دینے میں کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں۔ اے پی ایل کے صدر وسیم نیاز نے ڈاکٹر شبیر سرور اور ڈاکٹر عابدہ کا ڈاکٹریٹ کی سطح کی تحقیق میں صحافیوں کو شامل کرنے پر شکریہ ادا کیا۔ اس تحقیق کے لیے ڈیٹا پورے ملک سے جمع کیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 25

حکومت کی جانب سے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج کے نفاذ کے غیر قانونی اور غیر آئینی اقدام کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ آج وفاق میں بیٹھی دو جماعتوں نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ انہیں نہ آئین اور نہ ہی عوامی مینڈیٹ کا احترام ہے ۔ خیبر پختونخواہ کے غیور عوام نے پاکستان تحریک انصاف کو واضح اکثریت سے مینڈیٹ دیا، اس مینڈیٹ پر شب خون مار کر گورنر راج کا کالا قانون مسلط کرنا جمہوریت کے چہرے پر طمانچہ ہے، یہ اقدام دراصل صوبے کے عوام کی رائے کو کچلنے، صوبائی خودمختاری کو پامال کرنے اور سیاسی انتقام لینے کی بھونڈی کوشش ہے۔ پی ٹی آئی رہنماؤں نے کہا کہ خیبر پختونخواہ میں ایسی کوئی بھی آئینی صورتحال موجود نہیں، یہ صرف اور صرف عوامی حکومت کو مفلوج کرنے کی سازش ہے، ہم واضح کرنا چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخواہ کے عوام اس غیر جمہوری اقدام کو کسی صورت قبول نہیں کریں گے۔ ہم اس غیر آئینی اقدام کے خلاف ہر آئینی، قانونی اور جمہوری فورم پر بھرپور مزاحمت کریں گے اور عدالت کا دروازہ بھی کھٹکھٹائیں گے۔ وفاقی حکومت ہوش کے ناخن لے اور صوبے میں فساد اور سیاسی عدم استحکام پیدا کرنے سے باز رہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

مینڈیٹ سیاسی مفادات کی بھینٹ نہیں چڑھایا جا سکتا۔ اعلامیے میں وزیراعلیٰ سہیل آفریدی اور صوبائی صدر جنید اکبر کی گرفتاریوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں سیاسی انتقام اور منتخب قیادت کو کمزور کرنے کی کوشش قرار دیا گیا ہے۔ پارٹی نے دونوں رہنماؤں کی گرفتاریوں کی قانونی وجوہات اور الزامات عوام کے سامنے لانے کا مطالبہ کیا ہے۔ اعلامیے میں سہیل آفریدی، جنید اکبر اور تمام سیاسی قیدیوں کی فوری اور غیر مشروط رہائی کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا کہ غیر معمولی آئینی اختیارات سیاسی انتقام یا جمہوری اداروں کو بائی پاس کرنے کے لیے استعمال نہیں کیے جا سکتے۔ پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی مکمل آئینی اور قانونی وجوہات سامنے لانے اور وفاقی حکومت سے واضح کرنے کا مطالبہ کیا کہ یہ فیصلہ کن قابل تصدیق شواہد کی بنیاد پر کیا گیا۔ شیخ وقاص اکرم کے مطابق ضم شدہ قبائلی اضلاع کے عوام پہلے ہی دہشت گردی، بے گھری اور معاشی مشکلات کا سامنا کر چکے ہیں، مشاورت کے بغیر غیر معمولی انتظامی اقدامات سے عوام اور ریاستی اداروں کے درمیان اعتماد کم ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی دہشت گردی کی ہر شکل کی مذمت کرتی ہے، قومی سلامتی کے لیے وفاق اور صوبوں کے درمیان اتحاد اور سکیورٹی اداروں میں موثر رابطہ ضروری ہے، تاہم دہشت گردی کو سیاسی تصادم کا جواز نہیں بنایا جاسکتا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ خیبر پختونخوا کے عوام نے ملکی سلامتی کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں، اس لیے ان کے حقوق کا تحفظ کیا جائے

بقیہ بقیہ جات 27

فیصلہ کیا گیا ہے۔ اڈیالہ جیل کے قریب سے گزرنے والی گاڑیوں کی سخت چیکنگ کی جائے گی، جبکہ اڈیالہ روڈ سے گزرنے والے افراد کے شناختی کارڈ بھی چیک کیے جائیں گے۔ پولیس ذرائع کے مطابق اڈیالہ روڈ اور گردونواح کے شہری پریشانی سے بچنے کے لیے اپنے شناختی کارڈ ساتھ رکھیں۔ راولپنڈی انتظامیہ نے پہلے ہی 8 نومبر تک دفعہ 144 نافذ کررکھی ہے۔ س

بقیہ بقیہ جات 28

نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، چالیس سال کے شہید نائب صوبیدار کا تعلق ضلع غذر سے تھا۔ آئی ایس پی آر کا کہنا ہے طالبان رجیم نے انسداد دہشتگردی سے متعلق اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کیں اور افغان سرزمین کو دہشتگردوں کے استعمال سے روکنے میں طالبان رجیم مسلسل ناکام ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

12 مراکز پر گاڑیوں کی ایمیشن ٹیسٹنگ اور فٹنس سرٹیفکیٹس کے اجراء کا عمل جاری ہے۔ حکام کے مطابق سموگ پر قابو پانے کیلئے نجی گاڑیوں کی ایمیشن ٹیسٹنگ لازمی قرار دی گئی ہے جبکہ گاڑی مالکان کو پی وکس سنٹرز سے فٹنس سٹیکر اور سرٹیفکیٹ حاصل کرنا ہوگا۔ حکام نے واضح کیا ہے کہ 15 نومبر کے بعد فٹنس ٹیسٹ نہ کروانے والی گاڑیوں کے خلاف کارروائی شروع کی جائے گی جبکہ خلاف ورزی پر 2 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جاسکتا ہے۔ گاڑیوں پر نصب کیے جانے والے کیو آر کوڈ والے فٹنس سٹیکر کی معیاد ایک سال ہوگی۔ فٹنس ٹیسٹنگ سے متعلق قواعد کے تحت ایک ہزار سی سی تک کی موٹر کاریں تیاری کی تاریخ سے پانچ سال، 1001 سے 2000 سی سی تک کی گاڑیاں چھ سال، جبکہ 2000 سی سی سے زائد کی موٹر کاریں سات سال تک اس شرط سے مستثنیٰ ہوں گی۔

بقیہ بقیہ جات 30

زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق بارش کے دوران چھت گرنے کا پہلا واقعہ چک 58 ایس پی میں پیش آیا، جہاں خستہ حال مکان کی چھت گرنے سے 70 سالہ علی اور 58 سالہ محمد اسلم جاں بحق ہو گئے۔ ادھر محلہ عیدگاہ پاکپتن میں بھی بارش کے باعث چھت گرنے سے 52 سالہ حبیب احمد اور اس کی 50 سالہ بیوی یاسمین زخمی ہو گئے، جنہیں ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 31

دہشت گردی کے خلاف آواز اٹھائی ہے، وفاقی حکومت کی پالیسیوں پر سنجیدہ سوالات ہیں، جن کے باعث موجودہ حالات پیدا ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ امن جرگے کی متفقہ قرارداد پر عمل درآمد کیا جائے، جس پر تمام سیاسی جماعتیں متفق تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے اہم معاملات میں عوام کے بنیادی حقوق اور اختیارات کو نظر انداز کرنا ناقابل قبول ہے، تمام سیاسی جماعتیں خیبر پختونخوا کے حقوق کے تحفظ کیلئے آواز اٹھائیں، یہ صوبے کے آئینی حقوق پر ڈاکہ ہے، جو نامنظور ہے! ہم اپنی آئینی اور جمہوری جدوجہد جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 32

)12 اکتوبر کو تمام سرکاری و نجی تعلیمی ادارے بند رکھنے کا اعلان کردیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر مردان کے مطابق ضلع بھر کے تمام سرکاری و نجی سکولز، کالجز اور جامعات مذکورہ تاریخ کو بند رہیں گے۔ حکام نے بتایا کہ 12 اکتوبر کو منعقد ہونے والے تمام امتحانات اور پرچے بھی منسوخ قرار دے دیے گئے ہیں، اس سلسلے میں متعلقہ محکموں کے حکام اور تمام تعلیمی اداروں کے سربراہان کو ضروری ہدایات جاری کردی گئی ہیں تاکہ فیصلے پر عمل درآمد یقینی بنایا جا سکے۔ اعلان کے بعد طلبہ، والدین اور تعلیمی اداروں کی انتظامیہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ تعلیمی اداروں کی بندش اور امتحانات کی منسوخی سے متعلق اپنے اداروں سے جاری ہونے والی ہدایات سے آگاہ رہیں، تاہم، امتحانات کی نئی تاریخوں کے حوالے سے تاحال کوئی تفصیل فراہم نہیں کی گئی۔

بقیہ بقیہ جات 33

میں آئین کے آرٹیکل 232 اور 234 کے تحت ہنگامی حالت کے اعلان کے بعد وفاقی حکومت نے اہم اقدام کیا ہے، وفاقی حکم نامے کے تحت گورنر خیبر پختونخوا وفاقی حکومت کی جانب سے صوبائی حکومت کے امور انجام دیں گے، گورنر اپنے فرائض کی انجام دہی میں مشاورتی کونسل کی معاونت حاصل کریں گے، خیبر پختونخوا کے لیے 11 رکنی مشاورتی کونسل تشکیل دے دی گئی۔ کونسل میں طارق محمود پاشا، ڈاکٹر عامر عبداللہ اور لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر مشاورتی کونسل کے ارکان مقرر کیے گئے ہیں۔ ثمر بلور، ڈاکٹر سرفراز علی، عامر جاوید اور ڈاکٹر ایم ارشاد بھی مشاورتی کونسل میں شامل ہیں، کفایت اللہ، طیب قریشی، عثمان سیف اللہ خان اور آصف رفیق مشاورتی کونسل کے دیگر ارکان ہیں۔ ثنا اللہ ایڈووکیٹ خیبر پختونخوا کے ایڈووکیٹ جنرل مقرر کر دیے گئے، صوبائی حکومت کے امور آئینی دفعات اور خیبر پختونخوا گورنمنٹ رولز آف بزنس 1985 کے مطابق، وفاقی حکمنامے سے ہم آہنگ انداز میں انجام دیے جائیں گے اور وفاقی حکومت کا جاری کردہ حکم نامہ فوری طور پر نافذ العمل ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 34

جانی نقصان نہیں ہوا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق گاڑی میں آگ بظاہر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی۔ اطلاع ملنے پر موٹروے پولیس کے اہلکار فوری طور پر موقع پر پہنچے اور امدادی کارروائی شروع کردی۔ موٹروے پولیس نے آگ بجھانے والے آلات اور خصوصی فائر فائٹنگ کمبل کی مدد سے شعلوں پر قابو پایا۔ ترجمان موٹروے پولیس کے مطابق آتشزدگی کے نتیجے میں گاڑی کو شدید نقصان پہنچا، تاہم بروقت کارروائی کے باعث گاڑی میں سوار دونوں افراد محفوظ رہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

میں ٹھہرائے گئے 700 سے زائد پولیس اہلکاروں کی ویڈیوز سامنے آئی ہیں، ویڈیوز میں پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے، ناقص رہائش، گندے واش رومز اور پانی کی قلت کی شکایت کررہے ہیں۔ یاد رہے اس قبل بھی ویڈیو وائرل ہوئی تھی جس میں پولیس اہلکاروں نے کھانے میں کیڑے نکلنے کی شکایت کی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 36

بابر سلیم سواتی نے کہا کہ موجودہ سکیورٹی صورتحال میں ارکان اسمبلی کی سکیورٹی واپس لینے سے سنگین خطرات لاحق ہو سکتے ہیں، منتخب عوامی نمائندوں کے جان و مال کا تحفظ اور قانونی تقاضوں کی پاسداری یقینی بنائی جائے۔ اسپیکر نے خبردار کیا کسی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں متعلقہ قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 37

قومی دھارے میں واپس آگئے ہیں۔ نور خان بکی نے اپنے خاندان سمیت مجموعی طور پر 60 افراد کے ہمراہ ہتھیار ڈالے۔ اعلامیے کے مطابق نور خان بکی متعدد دہشت گردی کی کارروائیوں میں بھی ملوث رہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 38

میں شعور اجاگر کریں گے۔ الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا خصوصی فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 39

گیا۔ اس روز الیکٹرانک میڈیا پروگرامز نشر اور پرنٹ میڈیا فیچر شائع کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 40

کی حکومت کا تختہ الٹ کر اقتدار پر قبضہ کرنے کے واقعہ کے خلاف مسلم لیگ (ن) اور دیگر سیاسی جماعتیں یوم سیاہ منائیں گی احمد یار سمیت ملک بھر میں تقریبات انعقاد پذیر ہوں گی دفاتر پر سیاہ پرچم لہرائے جائیں گے اور سیاسی کارکن بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر احتجاجی مظاہرے کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 41

ہوئے سعودی عرب سے مصر، پھر لیبیا اور وہاں سے کشتی کے ذریعے اٹلی پہنچانے کا منصوبہ بنا رہا تھا۔ اس مبینہ راستے کے ذریعے غیر قانونی طور پر یورپ پہنچانے کی کوشش سے متعلق معلومات سامنے آئی ہیں۔ ابتدائی معلومات کے مطابق، ابوبکر نامی مبینہ ایجنٹ، رہائشی گجرات نے اس سفر کے لیے مجموعی طور پر 40 لاکھ روپے میں معاملہ طے کیا تھا، مسافروں کی جانب سے 5 لاکھ روپے کی ادائیگی کیے جانے کا انکشاف ہوا، ادائیگی سے متعلق اسکرین شاٹ بھی حاصل کیا گیا ہے، جس کا مزید جائزہ لیا جائے گا۔ ایف آئی اے حکام کے مطابق، مذکورہ ایجنٹ کا رابطہ نمبر بھی حاصل کرلیا گیا ہے، جبکہ اس کی شناخت، مالی لین دین اور مبینہ نیٹ ورک سے تعلق کی مزید تصدیق کی جارہی ہے۔ دونوں مسافروں کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی کراچی کے حوالے کردیا گیا ہے۔ ایف آئی اے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے، شہریوں کو غیر محفوظ سمندری راستوں اور غیر قانونی سفری منصوبوں کے ذریعے ممکنہ استحصال سے بچانے کے لیے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

فروخت پر موقف دیا کہ جو قیمت حکومت کی جانب سے جاری کی گئی ہے اس پر ڈسٹری بیوٹرز بھی سپلائی نہیں دے رہے، ہم مہنگی خرید کر کیسے حکومت کی قیمت پر فروخت کریں۔ حکومت مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنائے ہم سرکاری ریٹ لسٹ کے مطابق فروخت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 43

20 کے سہیل خان، گریڈ 18 کے محمد احتشام الحق، گریڈ 18 کے محمد فہیم، گریڈ 19 کے محمد عثمان کاکے پی کے سے تبادلہ کر کے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 19 کے کیپٹن (ر) سرمد سلیم اکرم اور گریڈ 19 کے شفیع اللہ خان کو تبدیل کر کے اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم ملا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 44

کر کے اور صوبائی خودمختاری کمزور کر کے امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ ان کا کہنا ہے کہ وفاق وصوبے کے درمیان تصادم پیدا کر کے استحکام نہیں لایا جا سکتا، دہشت گردی کے خاتمے پر کوئی اختلاف نہیں، دہشت گردی کا مقابلہ قومی یکجہتی اور مشترکہ حکمت عملی سے ہی ممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کو کمزور کر کے وفاق مضبوط نہیں ہوسکتا، مسائل کا حل طاقت، تصادم، غیر معمولی اقدامات میں نہیں سیاسی بصیرت اور بامعنی مذاکرات میں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 45

کی۔ نماز جنازہ کے بعد جمعیت علما اسلام کے رہنماؤں اور کارکنان نے بلال میر اور مرحوم کے دیگر اہل خانہ و پسماندگان سے دلی تعزیت اور افسوس کا اظہار کیا۔ انہوں نے مرحوم کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زاہد میر مرحوم جماعت کے مخلص، وفادار اور دیرینہ ساتھی تھے۔ ان کی وفات سے اہل خانہ اور متعلقین کے ساتھ جماعتی حلقوں میں بھی غم کی فضا ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں جمعیت علما اسلام اپنے ساتھی کے اہل خانہ کے غم میں برابر کی شریک ہے۔ اللہ تعالی مرحوم کی کامل مغفرت فرمائے، ان کی دینی و جماعتی خدمات کو قبول فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے اور تمام پسماندگان، لواحقین اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ بقیہ جات 46

ایم این اے مجھے سکیورٹی فراہم کرنا پولیس کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ بقیہ جات 47

کیے گئے ہیں اور 6 ہزار 199 ملزمان گرفتار کیے۔ ملزمان کے قبضہ سے 114 کلو ہیروئن، 732 کلو آئس اور 2 ہزار 262 کلو چرس برآمد کی گئی۔ منشیات فروشوں سے 57 کلو افیون، ایک ہزار 746 کلو ویڈ اور 26 ہزار لیٹر شراب بھی برآمد کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ منشیات کے نیٹ ورکس اور سپلائی چین کے خاتمے کے لیے کارروائیاں جاری ہیں۔ کالجوں اور یونیورسٹیوں کے اطراف کڑی نگرانی جاری ہے اور انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں کی جارہی ہیں۔ فیصل کامران نے کہا کہ غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری ہیں جبکہ سینکڑوں غیر قانونی مقیم غیر ملکی باشندوں کو قانونی کارروائی کے بعد ڈی پورٹ کروایا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ شہریوں کی شکایات کا بروقت ازالہ اور مثر پولیسنگ یقینی بنا رہے ہیں۔ فیس بک لائیو کا مقصد پولیس اور عوام کے درمیان براہ راست رابطہ مضبوط بنانا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران نے کہا کہ عوامی اعتماد، جرائم کا سدباب اور نوجوان نسل کا تحفظ ہماری پولیسنگ کا محور ہے۔

بقیہ بقیہ جات 48

وہ جانبر نہ ہوسکے، تمام قربانیوں کے باوجود ایسی حکومت ہم پر مسلط ہوگئی جسے فرق نہیں پڑتا تھا۔ ثمر ہارون بلور نے کہا کہ میں اپنی عوام کی قربانیوں کا بتاؤں گی، شہیدوں کی بات کروں گی، خیبر پختونخوا میں 2013 کا تعلیمی سلیبس چل رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے آبائی علاقے لکی مروت میں عورتیں باہر نہیں نکل سکتیں، بچے اسکول نہیں جاسکتے، جو مشکل فیصلہ کیا یہ کوئی تمغہ لینے کیلئے نہیں کیا۔ ثمر ہارون بلور نے یہ بھی کہا کہ خیبر پختونخوا بھی چاہتا ہے باقی پاکستان کی طرح ترقی کرے، کے پی میں ایسی حکومت آئی جن کو ہمارا احساس نہیں تھا۔

بقیہ بقیہ جات 49

گیا اور حساس عمارتوں پر رینجرز بھی تعینات کردی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق تمام ایس پیز، ڈی ایس پیز اور ایس ایچ اوز کو فیلڈ میں رہنے اور کسی بھی جگہ بینرز یا ہجوم نظر آنے پر فوری کارروائی کی ہدایت کی گئی ہے جبکہ دفعہ 144 کیخلاف ورزی کرنے والوں کو گرفتار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 50

پہنچا، تاہم کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، موٹروے پولیس نے ریسکیو 1122 کو طلب کرلیا، متعلقہ افسران موقع پر موجود رہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

طاقت رکھتی ہیں، وہ آگے بڑھیں، حکومت ان کے ساتھ کھڑی ہے۔ ہماری بیٹیاں، بہنیں اور بچیاں قوم کا مستقبل ہیں۔ بیٹیوں کی پرورش اور دیکھ بھال نہ صرف ان کا حق ہے بلکہ یہ ایک قومی فریضہ بھی ہے۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے کہا کہ حکومت پنجاب بچیوں اور خواتین کی تعلیم، تحفظ، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے بہترین روڈ میپ پر عمل پیرا ہے۔ بیٹیوں کو تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنا اور ان کے روشن مستقبل کو یقینی بنانا ہماری ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

بننے جیسا احساس ہوسکتا ہے۔ یہ علامات جوڑ میں اندرونی بلیڈنگ کی ابتدائی نشاندہی کر سکتی ہیں۔ اگر مریض ان تبدیلیوں کو بروقت محسوس کر لے اور فوری طور پر مناسب اقدامات کرے تو جوڑوں کو مزید نقصان پہنچنے کے خطرے کو کم کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کی سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے اپنی مارکیٹنگ ٹیم کے ہمراہ مختلف سکولوں میں طلبہ و طالبات کو ہیموفیلیا بیماری کے بارے میں آگاہی مہم کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ انہوں نے کہا کہ ایسی علامات محسوس ہونے پر مریض کو متاثرہ جوڑ کو آرام دینا چاہیے، غیر ضروری حرکت سے گریز کرنا چاہیے اور اپنے معالج کے تجویز کردہ علاج کے منصوبے کے مطابق فوری طور پر فیکٹر ریپلیسمنٹ تھراپی حاصل کرنی چاہیے۔ علاج میں تاخیر سے جوڑوں میں بار بار خون بہنے، درد، حرکت میں کمی اور مستقل معذوری کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ اس لیے مریضوں اور ان کے اہل خانہ کو بیماری کی علامات، علاج کے طریقہ کار اور ہنگامی صورت حال میں اختیار کیے جانے والے اقدامات سے متعلق مناسب آگاہی فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سینئر نائب صدر راحیلہ اشرف نے مزید کہا کہ ہیموفیلیا کے مریضوں کی بہتر صحت اور معیار زندگی کے لیے بروقت تشخیص، مستند طبی مشورہ، باقاعدہ فالو اپ اور علاج تک رسائی بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ مریضوں کو چاہیے کہ وہ اپنے معالج کی ہدایات کے مطابق علاج جاری رکھیں اور جوڑوں میں خون بہنے کی کسی بھی مشتبہ علامت کو معمولی سمجھ کر نظر انداز نہ کریں۔ دیا ویلفیئر آرگنائزیشن نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ہیموفیلیا کے مریضوں اور ان کے خاندانوں میں بیماری سے متعلق شعور اجاگر کرنے، احتیاطی تدابیر سے آگاہ کرنے اور صحت کے حوالے سے رہنمائی فراہم کرنے کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھے گی، تاکہ مریض بروقت علاج حاصل کرسکیں اور جوڑوں کو مستقل نقصان سے بچانے کے امکانات بہتر بنائے جاسکیں۔

بقیہ بقیہ جات 53

کہ ڈینگی ہاٹ سپاٹس پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے اور وائرس کی روک تھام کے لیے اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ ڈینگی ایس او پیز پر عمل درآمد یقینی بنائیں اور اپنے گھروں، گلیوں اور اردگرد کے علاقوں میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں۔ خواجہ عمران نذیر نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی ہے کہ ڈینگی ایس او پیز کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ایف آئی آر درج کروائی جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جہاں بھی ڈینگی لاروا برآمد ہوگا، متعلقہ گھر پر ریڈ سٹیکر لگایا جائے گا

بقیہ بقیہ جات 54

کی وجہ سے قیمتوں میں اضافے کا رجحان ہے ۔ مارکیٹ کی بندش کے باعث شہریوں پرندوں اور پالتو جانوروں کی خریداری میں بھی مشکلات کا سامنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 55

افسوس ہے کہ تحریک انصاف نے غیر سنجیدہ رویہ اختیار کر کے معاملات کو مزید پیچیدہ بنا دیا۔ ان کے بقول، پی ٹی آئی نے ہٹ دھرمی اور غیر جمہوری طرز عمل جاری رکھ کر صورتحال کو مزید سنگین کیا۔ ناصر حسین شاہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے خیبر پختونخوا میں امن وامان کا قیام اور ریاستی رٹ کی بحالی ناگزیر ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ دہشت گردوں کی مبینہ سہولت کاری اور پشت پناہی کا خاتمہ کیے بغیر ملک میں پائیدار امن قائم کرنا مشکل ہوگا۔ وزیر بلدیات سندھ نے کہا کہ خطے کی موجودہ صورتحال کے تناظر میں پاکستان میں امن و امان برقرار رکھنا انتہائی ضروری ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ بھارت افغانستان کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی میں ملوث ہے۔ ان کے مطابق اگر خیبر پختونخوا میں دہشت گردوں کی پشت پناہی جاری رہی تو ملک میں امن وامان کی بحالی مشکل ہوجائے گی۔ ناصر حسین شاہ نے مزید کہا کہ قوم سمجھ رہی ہے کہ تحریک انصاف کے طرز عمل کے باعث وفاقی حکومت کے لیے اہم اقدامات کرنا ناگزیر ہوگیا ہے

بقیہ بقیہ جات 56

مسائل کا حل، غریب اور متوسط طبقے کو ریلیف کی فراہمی اور محروم طبقات کے لیے ترقی کے یکساں مواقع پیدا کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ سیاسی قیادت کو چاہیے کہ وہ عوامی توقعات پر پورا اترنے اور عام آدمی کی زندگی میں بہتری لانے کے لیے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش معاشی اور سماجی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے سیاسی قوتوں کے درمیان مفاہمت، باہمی احترام اور قومی مفاد کو ترجیح دینا ضروری ہے۔ عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لیے تمام سیاسی جماعتوں کو اپنی ذمہ داریاں ادا کرنی چاہئیں۔

بقیہ بقیہ جات 57

متزلزل عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔ اہل پاکستان سعودی عرب کی سلامتی کے لیے ہر قدم پر ساتھ ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 58

مردہ پائے گئے پولیس سول لائن نے لاش تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے ہسپتال منتقل کردی پوسٹ مارٹم کے بعد ورثاء کے حوالے کردی۔ پولیس موقع پر شواہد اکھٹے کر رہی ہے تا کہ محمد شہباز کی موت کی وجہ معلوم ہوسکے۔

بقیہ بقیہ جات 59

جائے۔ طاقت اور جبر کے بجائے جمہوریت، مکالمے اور آئینی راستے کو اختیار کیا جائے۔ خیبر پختونخوا کے عوام نے جس مینڈیٹ کا اظہار کیا ہے، وہ قابل احترام ہے اور اسے کسی صورت نظر انداز نہیں کیا جاسکتا۔ انصاف لائرز فورم کے ضلعی صدر مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ نے فارم 47 کی پیداوار جعلی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ خیبر پختونخوا ایک اہم صوبہ ہے اور وہاں کے عوام کے منتخب نمائندوں کے آئینی کردار کا احترام کیا جانا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 60

اور وفاق و صوبے کے درمیان فاصلے بڑھا سکتے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے خیبر پختونخواہ پر گورنر راج یا ایمرجنسی کے اقدامات کی بھرپور و شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ عوام پہلے ہی مہنگائی، بے روزگاری اور دیگر معاشی و سماجی مسائل کا سامنا کر رہے ہیں، اس لیے سیاسی محاذ آرائی میں اضافے کے بجائے عوامی ریلیف، معاشی بہتری اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر توجہ دی جانی چاہیے

بقیہ بقیہ جات 61

انتشار اور دھرنوں کی نذر کر دیے گئے۔ انہوں نے بتایا کہ ایمرجنسی کا نفاذ ابتدائی طور پر 6 ماہ کے لیے کیا گیا ہے جسے پارلیمنٹ کی توثیق حاصل ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا کی سربراہی میں 8 سے 10 ارکان پر مشتمل ایک مختصر کابینہ امور حکومت سنبھالے گی جس کی اولین ترجیح ضم شدہ قبائلی اضلاع کے علاوہ ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، لکی مروت اور بنوں سمیت محروم علاقوں میں امن، سکولوں، ہسپتالوں اور بنیادی ڈھانچے کی بحالی ہوگی تا کہ احساس محرومی ختم ہوسکے۔

بقیہ بقیہ جات 62

استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ کے پی کے میں پاکستان تحریک انصاف کے منتخب حکومت کو ختم کرنا اور گورنر راج کے نفاذ کرنا انتہائی منفی اثرات ہوں گے، سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ ہم وفاقی حکومت اور تمام متعلقہ آئینی اداروں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ وہ خیبر پختونخوا کے عوام کے بنیادی حقوق کا تحفظ کریں، صوبائی خودمختاری کو برقرار رکھیں اور کسی بھی غیر قانونی یا من مانے اقدام سے گریز کریں۔ انہیں فوری طور پر واپس لیا جانا چاہیے اور عوامی اور جمہوری حکومت کو بحال کرنا چاہیے قانونی برادری آئین کی بالادستی، عدلیہ کی آزادی، آزادی اظہار، جمہوری طرز حکمرانی اور بنیادی حقوق کے تحفظ کے لیے مضبوطی سے کھڑی ہے۔ ہم ان اصولوں کو نقصان پہنچانے کی ہر غیر قانونی کوشش کی مخالفت جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 63

کی کوشش کریں تو اس کا صاف مطلب ہے کہ ان کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی مسائل کا حل ایسے اقدامات کے بجائے جمہوری اصولوں اور سیاسی عمل میں تلاش کیا جانا چاہیے۔ حافظ نعیم الرحمان نے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ میں شامل جماعتوں کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ پی ڈی ایم جماعتوں نے رجیم چینج کے وقت سے جو تماشا شروع کیا تھا، جمہوریت دشمنی کا وہ سفر آج تک جاری ہے۔ انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان مسلم لیگ (ن) کی سیاسی تاریخ پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ان دونوں جماعتوں کی تاریخ گورنر راج نافذ کرنے اور عوامی مینڈیٹ تسلیم نہ کرنے کی تاریخ ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے دعوی کیا کہ اب یہ واضح ہو چکا ہے کہ فارم 47 کے ذریعے مسلط کیا گیا نظام پوری طرح ناکام ہوگیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

وفاقی حکومت ''پاکستان آرگینک اینڈ حلال ایکسپورٹ مشن'' کے نام سے خصوصی قومی پلیٹ فارم قائم کرے جو آرگینک مصنوعات کی تیاری، بین الاقوامی سرٹیفکیشن، معیار کی جانچ، ٹریس ایبلٹی اور بیرون ملک خریداروں سے روابط کے لیے کام کرے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ آرگینک گوشت کی تیاری کے لیے جانوروں کی متوازن قدرتی خوراک، محفوظ ماحول اور عالمی معیار کے مطابق پروسیسنگ پر توجہ دینا ضروری ہے، حکومت آرگینک گوشت اور ڈیری مصنوعات کے لیے خصوصی پیداواری زونز قائم کرے اور چھوٹے و درمیانے درجے کے فارمرز کو تربیت، تکنیکی معاونت اور سرٹیفکیشن کے اخراجات میں سہولت فراہم کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی روایتی حلال مصنوعات کو آرگینک معیار کے ساتھ عالمی منڈیوں میں متعارف کرانے سے برآمدی مصنوعات کی قدر میں اضافہ اور بہتر قیمت حاصل کرنے کے امکانات پیدا ہو سکتے ہیں، اس مقصد کے لیے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق، ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی پاکستان، متعلقہ تحقیقی اداروں اور نجی شعبے کے اشتراک سے جامع منصوبہ تشکیل دیا جائے۔ نجم مزاری نے کہا کہ آرگینک زراعت روایتی زراعت کا متبادل نہیں بلکہ اس کا معاون شعبہ ہے اس لیے مرحلہ وار پالیسی کے ذریعے کسانوں کی آمدن، غذائی تحفظ، ماحول کے تحفظ اور زرعی برآمدات میں بیک وقت بہتری لائی جاسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 65

موقع پر جاں بحق ہوئی۔ محمد کاشف کوزخمی حالت میں ریسکیو 1122 نے ہسپتال منتقل کردیا ٹرک ڈرائیور راز محمد پٹھان ساکن چارسدہ موقع سے فرار ہوگیا۔ دوسرا حادثہ ساہیوال عارف والا روڈ پر ہائی ٹیک فیکٹری 115 نو ایل کے قریب ہوا یہاں ایک موٹر سائیکل رکشہ کو تیز رفتار نامعلوم گاڑی نے ٹکر ماری جس سے رکشہ ڈرائیور محمد فیضان موقع پر جاں بحق ہوگیا اور رکشہ تباہ ہوگیا۔ اور ڈرائیور گاڑی سمیت موقع سے فرار ہو گیا۔ نیو فیصل آباد روڈ پر پل قطب شہانہ کے قریب ایک تیز رفتار کار نے چار موٹر سائیکل سواروں کو روند ڈالا جس کے نتیجہ میں ایک نوجوان گستاگپ خاں جاں بحق ہوگیا۔ سوار خاں، دولت خاں اور فرزند خاں شدید زخمی ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 66

اور پول ٹوٹ گئے جس سے بجلی کی سپلائی معطل ہوگئی چار گھنٹے تک موسلا دھار بارش کے سبب گلیوں بازاروں میں پانی بھر گیا اور ساہیوال شہر فرید ٹاؤن، طارق بن زیاد کالونی، ضلع کچہری، فائیو وے چوک اور دوسرے علاقوں میں واسا کی کارکردگی کا پول کھل گیا۔ سڑکوں اور چوراہوں میں واسا کے پائپ ڈالنے کے لیے کھدائی کر کے کھلے چھوڑے گڑھوں میں درجنوں گاڑیاں دھنس گئیں اور ٹریفک کا نظام درہم برہم ہوگیا

ابھی بھی وقت ہے وفاق ایمرجنسی کے فیصلے کو واپس لے، چیئرمین پی ٹی آئی

وفاق انا کو جانے دے، زمینی حقائق کو سمجھے، صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہیں، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر

یہ ایک انتہائی تشویشناک اور سنگین سیاسی غلطی اور غیر جمہوری اقدام ہے، عوام اپنے حقوق کے خلاف ایسے اقدامات کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ ابھی بھی وقت ہے، اس فیصلے کو چند دنوں میں واپس لیا جا سکتا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ وفاق انا کو جانے دے، زمینی حقائق کو سمجھے، صوبے میں ایمرجنسی کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہیں، اس اقدام کو یکسر مسترد کرتے ہیں۔ بیرسٹر گوہر کا کہنا ہے کہ یہ ایک انتہائی تشویشناک اور سنگین سیاسی غلطی اور غیر جمہوری اقدام ہے، عوام اپنے حقوق کے خلاف ایسے اقدامات کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے عوام کا مینڈیٹ ان کا آئینی اور قانونی حق ہے، مینڈیٹ کو نظر انداز (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 44)

فیروزوالا میں ستھرا پنجاب کے افسران ملازمین میں نئے یونیفارم تقسیم کر رہے ہیں۔

خیبر پختون خوا میں میٹرک سالانہ امتحان II (آج) معمول کے مطابق ہوگا

اگر اس دوران حالات خراب ہووے تو امتحانات کے شیڈول میں ردوبدل کی جائے گی

پشاور (سٹاف رپورٹر) چیئرمین بورڈ کمیٹی نے کہا ہے کہ خیبر پختون خوا میں میٹرک سالانہ امتحان II (آج) پیر کو معمول کے مطابق ہوگا۔ چیئرمین بوارڈ کمیٹی کے مطابق اگر اس دوران حالات خراب ہووے تو امتحانات کے شیڈول میں ردو بدل کی جائے گی۔ چیئرمین نے کہا کہ (آج) 12 اکتوبر بروز پیر کو میٹرک فزکس کا پرچہ معمول کے مطابق ہوگا۔

DIRECTORATE GENERAL SPORTS & YOUTH AFFAIRS | SPORTS BOARD PUNJAB

لاہور: ڈی جی سپورٹس پنجاب محمد طارق قریشی اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

وفاق نے کے پی میں انتظامی امور چلانے کے لیے 11 رکنی ایڈوائزری کونسل قائم کردی

کونسل میں طارق محمود، ڈاکٹر عامر عبداللہ، لیفٹیننٹ جنرل (ر) نگار جوہر، ثمر بلور، ڈاکٹر سرفراز، عامر جاوید اور دیگر شامل

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی حکومت نے کے پی میں انتظامی امور چلانے کے لیے ایڈوائزری کونسل قائم کردی ساتھ ہی خیبر پختونخوا کے نامزد اضلاع میں ایریا ڈیولپمنٹ سیکریٹریٹ قائم کرنے کا حکم بھی دے دیا اس حوالے سے وفاقی حکومت نے حکم نامہ نمبر 1/2026 جاری کر دیا جو کہ 11 اکتوبر 2026 کو جاری کردہ آئینی اعلان کی روشنی میں جاری کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 33)

خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر کوئٹہ میں ریلی، مٹھائی تقسیم

ہماری عدالتیں آزاد ہیں، بانی پی ٹی آئی کو اپنا مقدمہ عدالتوں میں لڑنا چاہیے، زرک مندوخیل

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی۔ ریلی میں خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ اس موقع پر رکن صوبائی اسمبلی زرک مندوخیل نے بتایا کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ پر خوشی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی ایک فتنہ پارٹی ہے، جس سے عوامی مفاد کو خطرہ لاحق ہے۔ زرک مندوخیل نے کہا کہ ہماری عدالتیں آزاد ہیں، بانی پی ٹی آئی کو اپنا مقدمہ عدالتوں میں لڑنا چاہیے۔

لاہور: شہری تعطیل کے روز چڑیا گھر کی سیر کر رہے ہیں۔

لاہور، سیالکوٹ موٹروے پر چلتی کار میں آگ لگ گئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور، سیالکوٹ موٹروے پر چلتی کار میں آگ لگ گئی، موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی سے گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ لاہور سیالکوٹ موٹروے پر ایک کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی، تاہم موٹروے پولیس نے فوری کارروائی کرتے ہوئے گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت باہر نکال لیا۔ واقعے میں کوئی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 34)

پی ٹی آئی لانگ مارچ، اسلام آباد میں پنجاب سے بلائے گئے پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے سے پریشان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں پنجاب بھر سے بلائے گئے پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے سے پریشان ہوگئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد میں پولیس کی اضافی تعیناتی کی گئی ہے جس کیلئے پنجاب بھر سے پولیس اہلکاروں کو طلب کیا گیا ہے تاہم پولیس اہلکار غیر معیاری کھانے اور ناقص رہائش کے باعث پریشان نظر آتے ہیں۔ رواں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 35)

اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی کا ارکان اسمبلی کی سیکورٹی واپس لینے پر اظہار تشویش، آئی جی کو مراسلہ ارسال کر دیا

پشاور (سٹاف رپورٹر) اسپیکر خیبر پختونخوا اسمبلی بابر سلیم سواتی نے ارکان اسمبلی کی سیکورٹی واپس لینے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی خیبر پختونخوا کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ اسپیکر نے مراسلے میں ہدایت کی کہ قانونی جواز اور ضابطے کی تکمیل کے بغیر ارکان اسمبلی کی سیکورٹی واپس نہ لی جائے اور جن ارکان کی سیکورٹی واپس لی گئی ہے، اسے فوری طور پر بحال کیا جائے۔ مراسلے کے مطابق ارکان اسمبلی کی سیکورٹی اسمبلی مراعات ایکٹ 2026 کے تحت قانونی تقاضوں سے مشروط ہے۔ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 36)

ڈیرہ بگٹی، فراری کمانڈر نور خان بگٹی سمیت 60 افراد نے ہتھیار ڈال دیے

ڈیرہ بگٹی (سٹاف رپورٹر) فراری کمانڈر نور خان بگٹی نے اپنے ساتھیوں سمیت سوئی میں ہتھیار ڈال دیے۔ اعلامیے کے مطابق نور خان بگٹی نے وزیراعلیٰ کی کھلی کچہری کے دوران ہتھیار ڈالے اور اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان سے وفاداری کا حلف اٹھایا۔ اعلامیے میں کہا گیا کہ نور خان بگٹی پہاڑوں میں روپوش تھے اور (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 37)

خیبر پختونخوا سے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسران تبدیل

ذرائع کے مطابق گریڈ 21 کے اکرام اللہ کو کے پی کے سے تبادلے کے بعد اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دے دیا گیا

پشاور (سٹاف رپورٹر) خیبر پختون خوا سے پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس کے 15 افسروں کو تبدیل کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 21 کے اکرام اللہ کو کے پی کے سے تبادلے کے بعد اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دے دیا گیا، گریڈ 20 کے شاہد اللہ اور گریڈ 19 کے شاہ فہد کو بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق گریڈ 18 کے کیپٹن (ر) زبیر خان کا کے پی کے سے تبادلہ کر دیا گیا اور انہیں بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ گریڈ 19 کے کیپٹن (ر) میاں عادل اقبال، گریڈ 18 کے وقار علی، گریڈ 21 کے عنبر علی خان اور گریڈ 18 کے کیپٹن (ر) ثنا اللہ خان کو بھی اسٹیبلشمنٹ ڈویژن رپورٹ کرنے کا حکم دیا گیا ہے، گریڈ (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 43)

کراچی سے پشاور آنے والی خیبر میل کارڈ کوچ گوجر خان کے قریب ڈی ریل ہے۔

ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے کے برعکس فروخت جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) انتظامیہ کی جانب سے ایل پی جی کی سرکاری نرخنامے کے مطابق فروخت یقینی نہ بنائی جاسکی۔ ایل پی جی کی سرکاری قیمت 34.279 روپے فی کلو مقرر ہے تاہم اوپن مارکیٹ میں 400 سے 450 روپے فی کلو فروخت جاری ہے۔ دکانداروں نے زائد قیمت پر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 42)

ایف آئی اے کی بروقت کارروائی، عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کا انکشاف

مسافروں کو مزید تفتیش اور قانونی کارروائی کے لیے ایف آئی اے اے ایچ ٹی سی کراچی کے حوالے کردیا گیا

کراچی (سٹاف رپورٹر) ایف آئی اے امیگریشن کراچی کی بروقت کارروائی میں عمرہ مسافروں کے ذریعے یورپ اسمگلنگ کے نئے مبینہ روٹ کا انکشاف ہوا ہے جس میں 2 مسافر آف لوڈ بھی کر دیے گئے۔ ایف آئی اے امیگریشن کراچی نے انسانی اسمگلنگ اور غیر قانونی ہجرت کی روک تھام کے لیے کارروائی کرتے ہوئے دو عمرہ مسافروں، اعظم علی اور محمد سفیان کو تفصیلی پوچھ گچھ کے بعد آف لوڈ کر دیا، مزید تفتیش کے لیے ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کراچی کے حوالے کر دیا ہے، دورانِ پوچھ گچھ مسافروں نے انکشاف کیا کہ مبینہ ایجنٹ عمرہ کے سفر کو استعمال کرتے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 41)

ہڈیوں کے امراض کا عالمی دن (آج) منایا جائیگا

احمد یار (سٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں ہڈیوں کے امراض کا عالمی دن (آج) 12 اکتوبر سوموار کو منایا جائیگا اس دن کی مناسبت سے محکمہ صحت کے زیراہتمام احمد یار سمیت ملک بھر میں آگاہی واکس اور سیمینارز انعقاد پذیر ہوں گے جس میں مقررین ہڈیوں کے امراض، علاج اور تدارک کے حوالے سے عوام (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 38)

انڈوں کا عالمی دن (آج) منایا جائیگا

احمد یار (سٹاف رپورٹر) پاکستان سمیت دنیا بھر میں انڈوں کا عالمی دن (آج) 12 اکتوبر پیر کو منایا جائیگا اس دن کے منانے کا مقصد انڈوں کی افادیت اور اہمیت کے متعلق عوام میں شعور اجاگر کرنا ہے اس سلسلہ میں احمد یار سمیت ملک بھر میں سیمینارز انعقاد پذیر ہونگے انڈوں کا پہلا عالمی دن 1996 کو منایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 39)

بلال میر کے بھائی زاہد میر کی نماز جنازہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں ادا

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے دیرینہ دوست بلال احمد میر کے بھائی زاہد میر کی نماز جنازہ جامعہ اشرفیہ لاہور میں ادا کی گئی۔ نماز جنازہ مولانا شاہ فیروز عبداللہ میمن نے پڑھائی۔ نماز جنازہ میں جے یو آئی کے صوبائی و ضلعی قائدین، مذہبی و سماجی شخصیات، جامعہ اشرفیہ کے اساتذہ و طلبہ، جماعتی کارکنان اور عوام الناس کی بڑی تعداد نے شرکت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 45)

میری سکیورٹی کے پی پولیس نے واپس لے لی، ان کیخلاف تحریک استحقاق جمع کراؤں گا، رکن قومی اسمبلی آصف خان

پشاور (سٹاف رپورٹر) رکن قومی اسمبلی آصف خان نے کہا ہے کہ میری سکیورٹی کے پی پولیس نے واپس لے لی۔ سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں کہا کہ میری سکیورٹی خیبر پختونخواہ پولیس نے واپس لے لی، ان کے خلاف میں تحریک استحقاق جمع کراں گا اور اگر مجھے کسی کو نقصان پہنچا تو اس کے ذمہ دار آئی جی خیبر پختونخواہ ہوں گے، بحیثیت (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 46)

ڈی آئی جی آپریشنز کی آن لائن کھلی کچہری، دیس پردیس کے پاکستانی ایک پلیٹ فارم پر

لاہور (سٹاف رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز نے آن لائن کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ کھلی کچہری میں اندرون و بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کو کرائم کنٹرول ترجیحات سے آگاہ کیا۔ کھلی کچہری میں شہریوں کے منشیات فروشی، غیر قانونی مقیم غیر ملکیوں اور پولیس رویوں پر سوالات کیے۔ فیصل کامران نے کہا کہ پراپرٹی کرائم کے ساتھ منشیات کے خلاف بھی نمایاں کامیابیاں ملی ہیں۔ رواں سال منشیات کے 5 ہزار 980 مقدمات درج (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 47)

ملک بھر میں (آج) مسلم لیگ (ن) ودیگر سیاسی جماعتوں کی جانب سے یوم سیاہ منایا جائیگا

-احمد یار (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں (آج) 12 اکتوبر پیر کو مسلم لیگ (ن) اور دیگر سیاسی جماعتوں کی جانب سے یوم سیاہ منایا جائیگا۔ 12 اکتوبر 1999ء کو جنرل (ر) پرویز مشرف کی جانب سے منتخب وزیراعظم میاں نواز شریف (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 40)

کراچی: جامعہ کراچی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر وسیم قاضی جامعہ کراچی میں تعلیمی سال برائے 2017 کے داخلہ ٹیسٹ کیلئے قائم امتحانی مراکز کا دورہ کر رہے ہیں۔

جو مشکل فیصلہ کیا یہ کوئی تمغہ لینے کیلئے نہیں کیا، ثمر ہارون بلور

خیبر پختونخوا بھی چاہتا ہے باقی پاکستان کی طرح ترقی کرے، رکن قومی اسمبلی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) رکن قومی اسمبلی اور خیبر پختونخوا ایڈوائزر کونسل کی رکن ثمر ہارون بلور نے کہا ہے کہ جو مشکل فیصلہ کیا یہ کوئی تمغہ لینے کیلئے نہیں کیا، خیبر پختونخوا بھی چاہتا ہے باقی پاکستان کی طرح ترقی کرے۔ کابینہ ارکان کے ہمراہ پریس کانفرنس میں ثمر ہارون بلور نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے رہائشی ہونے کے ناطے بات کروں گی، میں اور میرے بچے 2008 میں آئی ڈی پیز کے طور پر اسلام آباد شفٹ ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ میرے سسر پر 5 حملے ہوئے اور پانچویں میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 48)

قصور: ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو غلام مصطفیٰ خان ڈسٹرکٹ اوورسیز پاکستانی کمیٹی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

اسلام آباد میں ریڈ الرٹ جاری، پولیس کی بھاری نفری تعینات

شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچا دی گئی، ریڈ زون میں بھی غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کر دیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی کے نفاذ کے بعد وفاقی دارالحکومت میں پولیس کی اضافی نفری تعینات کرتے ہوئے ریڈ الرٹ جاری کر دیا گیا۔ ذرائع کی جانب سے بتایا گیا کہ اسلام آباد کے تمام چوک چوراہوں پر پولیس کی بھاری نفری تعینات کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے داخلی راستوں پر بھاری نفری پہنچا دی گئی، ریڈ زون میں غیر متعلقہ افراد کا داخلہ بند کر دیا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 49)

سیالکوٹ لاہور موٹروے پر کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی

موٹروے پولیس نے آگ بجھانے والے آلات اور خصوصی کمبل کی مدد سے شعلوں پر قابو پایا

سیالکوٹ (سٹاف رپورٹر) سیالکوٹ لاہور موٹروے پر کار میں اچانک آگ بھڑک اٹھی تاہم دونوں سوار محفوظ رہے، موٹروے پولیس کی بروقت کارروائی، گاڑی میں سوار دونوں افراد کو بحفاظت نکال لیا گیا، گاڑی میں آگ بظاہر شارٹ سرکٹ کے باعث لگی، موٹروے پولیس نے آگ بجھانے والے آلات اور خصوصی کمبل کی مدد سے شعلوں پر قابو پایا، سب انسپکٹر رمیز خان اور سب انسپکٹر عامر سجاد نے فوری امدادی کارروائی میں حصہ لیا، آتشزدگی سے گاڑی کو شدید نقصان (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 50)

لاہور: پولیس اہلکار ریگل چوک میں واقعہ چرچ کے داخلی راستے پر حفاظتی ڈیوٹی پر تعینات ہے۔

بیٹیاں اللہ کی رحمت معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں مریم نواز

ہر بیٹی کو ایسا محفوظ اور سازگار ماحول ملنا چاہیے جہاں وہ اپنے خواب پورے کر سکے اور ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے

حکومت پنجاب بچیوں اور خواتین کی تعلیم، تحفظ، صحت اور فلاح و بہبود کے لیے بہترین روڈ میپ پر عمل پیرا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بین الاقوامی یوم دختر پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ بیٹیاں اللہ تعالیٰ کی رحمت اور معاشرے کا قیمتی سرمایہ ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ بیٹیوں کو تعلیم، صحت، تحفظ اور ترقی کے یکساں مواقع فراہم کرنا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ بیٹیوں کو بااختیار بنا کر ہی ایک مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کی بنیاد رکھی جا سکتی ہے۔ بچیوں کے حقوق کے تحفظ، تعلیم کے فروغ اور انہیں خودمختار بنانے کے لیے اقدامات کی اہمیت کو اجاگر کرنے پر زور دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ ہر بیٹی کو ایسا محفوظ اور سازگار ماحول ملنا چاہیے جہاں وہ اپنے خواب پورے کر سکے اور ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کردار ادا کرے۔ بیٹیوں کا حوصلہ، عزم اور صلاحیتیں دنیا کو بدلنے کی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 51)

سیالکوٹ: دیا ویلفیئر آرگنائزیشن کے مارکیٹنگ ٹیم مختلف سکولوں میں طلبہ و طالبات کو ہیموفیلیا بیماری کے بارے میں آگاہی سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

فوری ضرورت ہے
دنیا بھر سے
ملک بھر سے
AM NEWS TV CHANNEL
روزنامہ عوامی محبت
بیورو چیف
ڈپٹی بیورو چیف
ڈسٹرکٹ رپورٹر
کرائم رپورٹر
سٹی رپورٹر
نیوز ایجنسی
انٹرنیشنل کوارڈینیٹر
صرف سنجیدہ افراد کیلئے
میل اور فی میل
International Media Forum
ڈیجیٹل پرنٹنگ کے لیے رابطہ کریں۔
رابطہ کریں
042-35950333, 0304-2198241, 0322-8077033,0321-6462430
Awami_mohabbat@yahoo.com
info.awamimohabbat@gmail.com
www.amanimohabbat.com

لاہور: گریٹر اقبال پارک میں جنگلی کبوتروں کا جھنڈ فواروں پر بیٹھا ہوا ہے۔

ریحانہ امتیاز ڈار کی گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت، خیبر پختونخوا کے آئینی حقوق پر سمجھوتہ نامنظور

خیبر پختونخوا کے عوامی مینڈیٹ اور صوبائی خودمختاری کا احترام کیا جائے، ریحانہ امتیاز ڈار

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما ریحانہ امتیاز ڈار نے کہا ہے کہ گورنر راج نامنظور، ایمرجنسی نامنظور، خیبر پختونخوا کے آئینی حقوق پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا۔ خیبر پختونخوا کے غیور عوام نے دہشت گردی، بدامنی اور بے شمار مشکلات کے باوجود ہمیشہ ملک کے امن، استحکام اور جمہوریت کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں۔ ان قربانیوں کے باوجود صوبے کے عوامی مینڈیٹ، بنیادی حقوق اور آئینی خودمختاری کو نظر انداز کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ گورنر راج یا ایمرجنسی جیسے اقدامات مسائل کا حل نہیں، بلکہ ایسے فیصلے جمہوری اقدار کو کمزور، عوامی بے چینی کو مزید گہرا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 60)

مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ کی خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی مذمت

صوبائی خودمختاری اور عوامی مینڈیٹ کا احترام کیا جائے، مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) انصاف لائرز فورم کے ضلعی صدر مجسم زرخیز انور خان ایڈووکیٹ نے فارم 47 کی پیداوار جعلی حکومت کی جانب سے خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کے نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا میں ایمرجنسی اور گورنر راج کا نفاذ نہ صرف جمہوری اقدار اور آئینی اصولوں کے منافی ہے بلکہ صوبائی خودمختاری اور عوامی مینڈیٹ کے حوالے سے بھی سنگین سوالات کو جنم دیتا ہے۔ ہم اس غیر آئینی اور غیر جمہوری اقدام کی بھرپور مذمت کرتے ہیں اور مطالبہ کرتے ہیں کہ آئین و قانون کی بالادستی، صوبائی خودمختاری اور عوام کے حقِ حکمرانی کا مکمل احترام یقینی بنایا (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 59)

لاہور: شہری کیرج شاپ میں مچھلی خرید رہے ہیں۔

ہائی سیکورٹی جیل حساس ادارہ کے اہلکار کی پراسرار ہلاکت

ساہیوال (سٹاف رپورٹر) ہائی سیکورٹی جیل حساس ادارہ کے اہلکار محمد شہباز کی پراسرار ہلاکت۔ تفصیلات کے مطابق پسرور ضلع سیالکوٹ کے حساس ادارہ کے محمد شہباز 50 سالہ ہائی سیکورٹی جیل میں ڈیوٹی سرانجام دے رہے تھے جس کے بعد کالونی واپس آئے تو پراسرار حالت میں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 58)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت

حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت، زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے حوثی ملیشیا کا ریاض کے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کی اور کہا کہ زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ حوثی حملے بین الاقوامی قوانین کی کھلی خلاف ورزی ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کہا کہ سعودی عرب کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور سلامتی کے لیے غیر (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 57)

خیبر پختونخوا کا نظام ری سیٹ کر دیا گیا، اختیار ولی خان

صوبے کے عوام کو پی ٹی آئی کے دورِ اقتدار سے چھٹکارے پر یوم نجات مبارک ہو، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم

گورنر خیبر پختونخوا کی سربراہی میں 8 سے 10 ارکان پر مشتمل ایک مختصر کابینہ امورِ حکومت سنبھالے گی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیر اعظم کے کوآرڈینیٹر برائے اطلاعات خیبر پختونخوا اختیار ولی خان نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا کے نظام کو مکمل طور پر ری سیٹ کر دیا گیا ہے، صوبے کے عوام کو پی ٹی آئی کے دورِ اقتدار سے چھٹکارے پر یومِ نجات مبارک ہو، گورنر راج اور آئین کے تحت ایمرجنسی کا نفاذ صوبے کے امن و امان اور بقا کے لیے ناگزیر ہو چکا تھا۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے اختیار ولی خان نے کہا کہ گزشتہ دورِ حکومت میں خیبر پختونخوا کو غیر اعلانیہ طور پر کالعدم تنظیموں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا تھا اور دہشت گردی کے خلاف قومی لائحہ عمل (نیشنل ایکشن پلان) پر کوئی پیش رفت نہیں کی گئی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ وفاق کی جانب سے ضم اضلاع کی ترقی کے لیے دیے گئے خطیر فنڈز ترقیاتی کاموں پر خرچ کرنے کے بجائے سیاسی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 61)

بیجنگ: وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ کا وفد کے ہمراہ بیجنگ پہنچنے پر چین میں پاکستان کے سفیر سید علی اسد گیلانی ملاقات کر رہے ہیں۔

سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ کی خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے مبینہ نفاذ کی مذمت

سیاسی اختلاف دبانے اور صوبائی خودمختاری کمزور کرنے کی کوشش ناقابل قبول ہے، صدر ڈسٹرکٹ بار سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر سعید احمد بھلی ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا (کے پی کے)، میں ایمرجنسی کے مبینہ غیر قانونی نفاذ کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ آئین کو کمزور کرنے، بنیادی حقوق سلب کرنے، جمہوری آوازوں کو دبانے یا ایمرجنسی اقدامات کی آڑ میں صوبائی خودمختاری کو کمزور کرنے کی کوئی بھی کوشش ناقابل قبول ہے اور جمہوریت، قانون کی حکمرانی اور آئین کی بالادستی کے منافی ہے۔ غیر معمولی اختیارات کو کبھی بھی سیاسی اختلافِ رائے دبانے، شہری آزادیوں پر پابندیاں عائد کرنے یا عوام کی مرضی کو کمزور کرنے کے لیے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 62)

خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی مسائل کا حل نہیں، حافظ نعیم الرحمان

گورنر راج کے ذریعے حکومت کی کوشش کا مطلب اقتدار کا چراغ بجھنے والا ہے، امیر جماعت اسلامی

لاہور (سٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمان نے خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ مسائل کا حل نہیں بلکہ اس طرح حکومت کرنے کی کوشش اس بات کا واضح اشارہ ہے کہ اقتدار میں موجود قوتوں کی حکومت کا چراغ بجھنے والا ہے۔ حافظ نعیم الرحمان نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں کہا کہ خیبر پختونخواہ میں گورنر راج اور ایمرجنسی کی حمایت نہیں کرتے کیونکہ یہ اقدامات موجودہ مسائل کو حل کرنے کا راستہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب منصب اقتدار پر فائز قوتیں گورنر راج اور ایمرجنسی کے ذریعے حکومت کرنے (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 63)

آرگینک گوشت، ڈیری مصنوعات کیلئے خصوصی پیداواری زونز بنائے جائیں نجم مزاری

حکومت ”پاکستان آرگینک اینڈ حلال ایکسپورٹ مشن“ کے نام سے پلیٹ فارم قائم کرے

لاہور (سٹاف رپورٹر) آرگینک خوراک اور مصنوعات پر ریسرچ کرنے والے ادارے کے سربراہ نجم مزاری نے کہا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، قطر، عمان، چین، ملائیشیاء اور وسطی ایشیائی ممالک میں پاکستانی گوشت کی بڑھتی ہوئی مانگ سے فائدہ اٹھاتے ہوئے آرگینک گوشت، ڈیری مصنوعات اور دیگر قدرتی غذائی اجناس کی برآمدات کے نئے مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں، (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 64)

لاہور: شہری سنگھ پورہ سبزی منڈی سے خریداری کر رہے ہیں۔

ٹریفک حادثات، خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق، چار شدید زخمی

ساہیوال (سٹاف رپورٹر) یہاں ٹریفک حادثات میں خاتون سمیت 3 افراد جاں بحق اور چار شدید زخمی ہو گئے۔ جی ٹی روڈ پر ٹول پلازہ چک 54 پانچ ایل کے قریب لاہور سے موٹر سائیکل نمبر 3951 ایل ای پی پر محمد کاشف اپنی بیوی ماجدہ بی بی کے ہمراہ اپنے چک 65 پانچ ایل جا رہے تھے جب ٹول پلازہ کے قریب پہنچے تو پیچھے سے آنے والے تیز رفتار ٹرک نمبر 7185 پی نے میاں بیوی کو کچل دیا موٹر سائیکل تباہ ہو گئی اور ماجدہ بی بی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 65)

ساہیوال طوفانی آندھی چار گھنٹے موسلا دھار بارش بجلی کا نظام درہم برہم

ساہیوال (سٹاف رپورٹر) ساہیوال میں طوفانی آندھی کے بعد چار گھنٹے تک موسلا دھار بارش، آندھی کے سبب سینکڑوں درخت جڑوں سے اکھڑ کر بجلی کی تاروں اور کھمبوں پر گرے، جس سے بجلی کا نظام درہم برہم ہوگیا متاثرہ علاقوں میں بجلی کی سپلائی 10 سے 16 گھنٹے کے بعد بحال ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق دو بجے 110 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے آندھی کے سبب سینکڑوں درخت جڑوں سے اکھڑ کر بجلی کے گیارہ کے وی سمیت اور بجلی سپلائی کے درجنوں کھمبوں پر گرنے سے تاریں (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 66)

حکومت پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، جے یو آئی

لاہور (سٹاف رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین، امیر مولانا پیر عبدالقدوس نقشبندی، ناظم اعلی مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلی مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ اشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبدالحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس اور حافظ محمد فاروق سمیت دیگر رہنماؤں نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت پیٹرول مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کرے، معاشی مشکلات کا سارا بوجھ عوام پر منتقل کرنے کی بجائے حکومت اپنے اخراجات پر نظرثانی (باقی صفحہ بقیہ پر نمبر 67)

ایڈیٹر وپبلشر اقبال دانیال کھوکھر نے چترا پریس ہسپتال روڈ لاہور سے چھپوا کر کوٹ رادھا کشن قصور سے جاری کیا